DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 28.01.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | بینکنگ سیکٹر بلوچستان کی معیشت کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، گورنر جعفر مندوخیل | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | بلوچ نوجوانوں کو ملک دشمنوں کے پروپیگنڈے ٹولز سے متاثر نہیں ہونا چاہئے، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | سرکار کی رٹ چیلنج کرنے والوں سے سختی سے نمٹیں گے، علی حسن | انتخاب حب ودیگراخبارات |
| 04 | بلوچستان کی ترقی سی پیک سے وابستہ ہے، سردار کھیتران | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | پیپلز پارٹی نے نصیرآباد ڈویژن میں بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کی، صادق عمرانی | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | گنداواہ درگاہ فتح پور شریف پر صوبائی مشیر برائے محکمہ لیبر ومین پاور نے حاضری دی | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | بیلہ جام کمال کی ہدایت پر خواتین کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں ترقیاتی کام جاری ہیں، میر لیاقت لہڑی | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | حکومت عوامی مسائل کے حل ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھا رہی ہے، بخت محمد کاکڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | بلوچستان کے نوجوانوں نے تعلیم سمیت ہر جگہ اپنی قابلیت کا لوہا منوایا، مینا مجید بلوچ | انتخاب ودیگراخبارات |
| 11 | چینی اور یوریا کی سمگلنگ روکنے کیلئے سخت چیکنگ کی جائے، چیف سیکرٹری | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | ریکوڈک سے بلوچستان کے عوام کو 25 فیصد حصہ پہلے ملتا رہے گا، بیرک گولڈ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | رات کو بلوچستان کے مختلف علاقوں میں ٹرین نہیں چلا سکتے، ریلوے حکام | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | افیون اور بھنگ کی فصل فوری تلف کردیں، کلاشنکوف کلچر کا خاتمہ کر کے دم لونگا، ڈی سی قلعہ عبداللہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | کوئٹہ میں رش والے علاقوں میں سلنڈر کی فروخت پر پابندی | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | مستونگ، شہید شوکت شاہوانی اعزاز کیساتھ سپرد خاک | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | ضلع گوادر میں منشیات کے اڈوں کیخلاف عوامی جنگ ہوگی، ہدایت الرحمان | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | ایف سی کو امن وامان کیلئے خطیر رقم جاری کرنا سمجھ سے بالاتر ہے، نیشنل پارٹی | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان:

قلعہ عبداللہ سیکورٹی فورسز کے ہیڈکوارٹر پر حملہ ناکام دو، دہشتگرد ہلاک، خضدار کسٹم کلیکٹریٹ کے عملے کی کارروائی 166 کلوگرام چرس برآمد، تربت میں فائرنگ سے لیویز اہلکار جاں بحق، مسلح افراد کار اور 10 لاکھ روپے لوٹ کر فرار، کوسٹ گارڈز نے جیوانی کے پہاڑی علاقے سے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کرلی،

## عوامی مسائل:

شیخ زید ہسپتال سریاب میں عرصہ دراز سے ادویات کی قلت مریض رل گئے، ٹماٹر، آلو، پیاز اور عام استعمال کی سبزیوں کو پر لگ گئے، خریدار پریشان، بلوچستان کے مال مویشی ایران اور افغانستان میں فروخت ہونے لگے،

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 28.01.2025

**اداریہ :**

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Theft of Quranic manuscripts" کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے "**بلوچستان کی صورتحال اور بیرونی عوامل** "کے عنوان سے محمد خان کا مضمون تحریر کیا۔

روزنامہ مشرق، میزان کوئٹہ نے "**بلوچستان کے نوجوان اور ان کا مستقبل** "کے عنوان سے صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران کا مضمون تحریر کیا۔

روزنامہ زمانہ کوئٹہ نے "**بلوچستان :تصویر کا تیسرا رخ** "کے عنوان سے آصف محمود کا مضمون تحریر کیا۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 28 JAN 2025 Page No. 1


## بینکنگ سیکٹر بلوچستان کی معیشت کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، گورنر

**بینک معاشی ترقی، ملازمتوں کے مواقع، نوجوانوں کیلئے ہنرمندی کو فروغ دے سکتے ہیں، گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بینکنگ سیکٹر بلوچستان کی معیشت کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ بینک معاشی ترقی، ملازمتوں کے مواقع، نوجوانوں کیلئے ہنرمندی کو فروغ دے سکتے ہیں اور آسان قرضے فراہم کر کے چھوٹے کاروباروں کی مدد کر سکتے ہیں۔ گورنر مندوخیل نے صوبے کی ترقی اور خوشحالی میں الفلاح بینک کے تعاون کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ بینکنگ سیکٹر اپنی سرگرمیاں بڑھانے، کاروبار کو وسعت دینے اور بلوچستان میں سرمایہ کاری کو راغب کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گروپ ہیڈ ریٹیل بینکنگ سیکٹر الفلاح بینک میرین احمد کی قیادت میں ایک نمائندہ وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا. ملاقات کے دوران پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان ہاشم خان غلزئی، عمران اسد خان ہیڈ برانچ بینکنگ، سرمد اعجاز اعوان بزنس ہیڈ ساؤتھ، ثناء اللہ خان ریجنل بزنس ہیڈ، ندیم شہزاد ایریا منیجر اور ذاکر حسین ایریا منیجر بھی موجود تھے. ملاقات میں تعمیرات، کان کنی، زرعی اور صنعتی شعبوں کیلئے مالیات کے معاملات بھی زیر بحث آئے. اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے بلوچستان کے وسیع قدرتی وسائل، اسٹریٹجک محل وقوع اور عالمی اقتصادی مرکز بننے کی صلاحیت کو اجاگر کیا اور صوبے میں صحت، تعلیم اور سماجی انفراسٹرکچر کی ترقی میں معاونت کے لیے مالیاتی اداروں کی کوششوں کو سراہا۔ گورنر مندوخیل نے انسانی وسائل کی ترقی کی ضرورت پر بھی زور دیا، مالیاتی اداروں پر زور دیا کہ وہ اس کوشش میں تعاون کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ خاص طور پر زراعت اور لائیو سٹاک کے شعبوں کو جدید بنانے اور مقامی زمینداروں کو آسان قرضے فراہم کرنے میں بینکنگ سیکٹر کی رہنمائی اور تعاون کی اشد ضرورت ہے۔



کوئٹہ: گورنر جعفر مندوخیل سے مسلم لیگ ن کے رہنما صدام حسین کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

MASHRIQ QUETTA

## معاشی بہتری کیلئے بینکنگ سیکٹر کا کردار اہمیت کا حامل ہے، جعفر مندوخیل

**بلوچستان کے وسیع قدرتی وسائل، اسٹریٹجک محل وقوع اور عالمی اقتصادی مرکز بننے کی صلاحیت کو اجاگر کیا جائے**

**بینک جوانوں کیلئے ہنرمندی کو فروغ دے سکتے اور آسان قرضے فراہم کر کے چھوٹے کاروباروں کیلئے مدد کر سکتے ہیں**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بینکنگ سیکٹر بلوچستان کی معیشت کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ بینک معاشی ترقی، ملازمتوں کے مواقع، نوجوانوں کیلئے ہنرمندی کو فروغ دے سکتے ہیں اور آسان قرضے فراہم کر کے چھوٹے کاروباروں کی مدد کر سکتے ہیں۔ گورنر مندوخیل نے صوبے کی ترقی اور خوشحالی میں الفلاح بینک کے تعاون کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ........

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

بینکنگ سیکٹر اپنی سرگرمیاں بڑھانے، کاروبار کو وسعت دینے اور بلوچستان میں سرمایہ کاری کو راغب کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گروپ ہیڈ ریٹیل بینکنگ سیکٹر الفلاح بینک میرین احمد کی قیادت میں ایک نمائندہ وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا. ملاقات کے دوران پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان ہاشم خان غلزئی، عمران اسد خان ہیڈ برانچ بینکنگ، سرمد اعجاز اعوان بزنس ہیڈ ساؤتھ، ثناء اللہ خان ریجنل بزنس ہیڈ، ندیم شہزاد ایریا منیجر اور ذاکر حسین ایریا منیجر بھی موجود تھے. ملاقات میں تعمیرات، کان کنی، زرعی اور صنعتی شعبوں کیلئے مالیات کے معاملات بھی زیر بحث آئے



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے بینک الفلاح گروپ ہیڈ ریٹیل بینکنگ مہرین احمد کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1 Dated: 28 JAN 2025 Page No. 2

# Banking sector's role in economy growth laudable: Governor

**Staff Report**

**QUETTA:** Governor Balochistan Jafar Khan Mandokhel said that the banking sector is playing an important role in promoting the economy of Balochistan.

He said that banks can promote economic growth, job opportunities and skill development for the youth and help small businesses by providing easy loans.

Governor Mandokhel praised the contribution of Alfalah Bank in the development and prosperity of the province and said that the banking sector can increase its activities, expand businesses and attract investment in Balochistan. He expressed these views while talking to a representative delegation led by Group Head Retail Banking Sector Alfalah Bank Marine Ahmed. Principal Secretary to Governor Balochistan Hashim Khan Ghilzai, Imran Asad Khan Head Branch Banking, Sarmad Ijaz Awan Business Head South, Sanaullah Khan Regional Business Head, Nadeem Shahzad Area Manager and Zakir Hussain Area Manager were also present during the meeting. Finance matters for construction, mining, agriculture and industrial sectors were also discussed in the meeting. On this occasion, Governor Balochistan Jafar Khan Mandokhel highlighted Balochistan's vast natural resources, strategic location and potential to become a global economic hub and appreciated the efforts of financial institutions to support the development of health, education and social infrastructure in the province. Governor Mandokhel also stressed the need for human resource development, urging financial institutions to cooperate in this effort. He said that there is a dire need for the guidance and cooperation of the banking sector, especially in modernizing the agriculture and livestock sectors and providing easy credit to local landowners.

CamScanner

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

جلد 53 منگل 27 رجب 1446ھ 28 جنوری 2025ء صفحات 08 شمارہ 212

رجسٹرڈ BC-m-1 Email. mashriqqta2008@gmail.com PTCL 081-2827345 081-2827344 قیمت 30 روپے


# بلوچ نوجوانوں کو ملک دشمنوں کے پروپیگنڈے ٹولز سے متاثر نہیں ہونا چاہیے، سرفراز بگٹی

**پاکستان کی ترقی بلوچستان سے شروع ہوگی ریکوڈیک منصوبے سے جو بھی کمائیں گے پہلا حق مقامی لوگوں کا ہوگا**

**بیروزگاری ملک بھر کا مسئلہ، بحیثیت بلوچ قوم حقیقت پر مبنی فیصلہ کریں بلوچستان جلد ترقی کی پٹڑی پر چل پڑے گا**

**بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں پر کام کرنا آسان نہیں چیلنجز کے باوجود حکومت اس پر کام کر رہی ہے، بات چیت**

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے پاکستان کی ترقی بلوچستان سے شروع ہوگی ریکوڈیک منصوبے سے جو بھی کمائیں گے پہلا حق وہاں کے لوگوں کا ہوگا بلوچ نوجوان ملک دشمنوں کے پروپیگنڈے ٹولز سے متاثر نہیں ہونا چاہیے ........ بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

بیروزگاری صرف بلوچستان میں نہیں ہے بلکہ ملک بھر کا یہ مسئلہ ہے بحیثیت بلوچ قوم حقیقت پر مبنی فیصلہ کریں بلوچستان جلد ترقی کی پٹڑی پر چل پڑے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو میں کیا میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ریکوڈیک منصوبے کے فوائد سب سے پہلے وہاں کے عوام کو ملیں گے خصوصا نوکنڈی، چاغی، دالبندین، اور رخشاں ڈیویژن کے رہائشیوں کو اس منصوبے سے براہ راست فائدہ پہنچے گا حکومت بلوچستان نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ریکوڈیک سے ہونے والی کمائی کا پہلا حق ان عوام کا ہے جو اس علاقے میں رہتے ہیں بلوچستان میں سرمایہ کاری کے لئے سعودی عرب، یو اے ای، اور چین کے سرمایہ کار آ رہے ہیں، اور تفتان میں پبلک پارٹنرشپ کے تحت معاہدہ کیا گیا ہے جس کا سرمایہ تفتان میں ہی استعمال کیا جائے گا بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں پر کام کرنا آسان نہیں ہے، لیکن ان چیلنجز کے باوجود حکومت بلوچستان اس پر کام کر رہی ہے انہوں نے بلوچستان کے نوجوانوں اور عوام کو پیغام دیتے ہوئے کہا کہ وہ ملک دشمنوں کے پروپیگنڈے سے متاثر نہ ہوں، بلکہ حقیقت پر مبنی فیصلے کریں بلوچستان کی ترقی انشاءاللہ جلد شروع ہو جائے گی اور پاکستان کی ترقی بھی بلوچستان سے شروع ہوگی۔ بلوچستان کی حقیقی تصویر دنیا کے سامنے لانے کی کوشش کی جائے گی بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں پر کام کرنے کی مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی اور بیروزگاری کا مسئلہ صرف اس صوبے تک محدود نہیں ہے، بلکہ پورے ملک کا مسئلہ ہے بدقسمتی سے بعض گروہ بلوچستان کے عوام اور ریاست کے خلاف پروپیگنڈہ کرتے ہیں، اور یہ پیغامات سوشل میڈیا پر پھیلائے جاتے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا پی ایس ڈی پی (پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام) کا سائز 210 بلین روپے ہے، جو پاکستان کی ترقی کے لئے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ جب ریکوڈک منصوبہ مکمل طور پر چل پڑے گا، تو اس سے بلوچستان کی معیشت میں مزید بہتری آئے گی، اور یہ منصوبہ ایک بلین ڈالر کی سرمایہ کاری تک پہنچ جائے گی۔

CamScanner

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

قیمت 30 روپے ★ صفحات

جلد نمبر 32 | بروز منگل، 28 جنوری 2025ء بمطابق 27 رجب المرجب 1446ھ | شمارہ نمبر 28


# بلوچ نوجوانوں کو ملک دشمنوں کے پروپیگنڈہ ٹولز سے متاثر نہیں ہونا چاہیے، سرفراز بگٹی

## پاکستان کی ترقی بلوچستان سے شروع ہوگی، ریکوڈک سے جو کمائیں گے پہلا حق مقامی لوگوں کا ہوگا

### دہشت گردی اور بیروزگاری صرف بلوچستان نہیں پورے ملک کے مسائل ہیں، وزیر اعلیٰ کی نجی ٹی وی سے گفتگو

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے پاکستان کی ترقی بلوچستان سے شروع ہوگا ریکوڈیک منصوبے سے جو بھی کمائیں گے پہلا حق وہاں کے لوگوں کا ہوگا بلوچ نوجوان ملک دشمنوں کے پروپیگنڈے ٹولز سے متاثر نہیں ہونا چاہیے بیروزگاری صرف بلوچستان میں نہیں ہے بلکہ ملک بھر کا یہ مسئلہ ہے بحیثیت بلوچ قوم حقیقت پر مبنی فیصلہ کریں بلوچستان جلد ترقی کی پٹڑی پر چل پڑے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو میں کہی میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ریکوڈیک منصوبے کے فوائد سب سے پہلے وہاں کے عوام کو ملیں گے خصوصاً نوکنڈی، چاغی، دالبندین، اور رخشاں ڈویژن کے

بقیہ نمبر 69 صفحہ 5 پر

رہائشیوں کو اس منصوبے سے براہ راست فائدہ پہنچے گا حکومت بلوچستان نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ریکوڈیک سے ہونے والی کمائی کا پہلا حق ان عوام کا ہے جو اس علاقے میں رہتے ہیں بلوچستان میں سرمایہ کاری کے لئے سعودی عرب، یو اے ای، اور چین کے سرمایہ کار آ رہے ہیں، اور بلوچستان میں پبلک پارٹنرشپ کے تحت معاہدہ کیا گیا ہے جس کا سرمایہ بلوچستان میں ہی استعمال کیا جائے گا بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں پر کام کرنا آسان نہیں ہے، لیکن ان چیلنجز کے باوجود حکومت بلوچستان اس پر کام کر رہی ہے انہوں نے بلوچستان کے نوجوانوں اور عوام کو پیغام دیتے ہوئے کہا کہ وہ ملک دشمنوں کے پروپیگنڈے سے متاثر نہ ہوں، بلکہ حقیقت پر مبنی فیصلے کریں بلوچستان کی ترقی انشاءاللہ جلد شروع ہو جائے گی اور پاکستان کی ترقی بھی بلوچستان سے شروع ہوگی۔ بلوچستان کی حقیقی تصویر دنیا کے سامنے لانے کی کوشش کی جائے گی بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں پر کام کرنے کی مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی اور بیروزگاری کا مسئلہ صرف اس صوبے تک محدود نہیں ہے، بلکہ پورے ملک کا مسئلہ ہے بدقسمتی سے بعض گروہ بلوچستان کے عوام اور ریاست کے خلاف پروپیگنڈہ کرتے ہیں، اور یہ پیغامات سوشل میڈیا پر پھیلائے جاتے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا پی ایس ڈی پی (پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام) کا سائز 210 بلین روپے ہے، جو پاکستان کی ترقی کے لئے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ جب ریکوڈک منصوبہ مکمل طور پر چل پڑے گا، تو اس سے بلوچستان کی معیشت میں مزید بہتری آئے گی، اور یہ منصوبہ ایک بلین ڈالر کی سرمایہ کاری تک پہنچ جائے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 5

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

جلد 27 | Ph :2839851 | FaX:2839867 | قیمت 10 روپے | MEMBER OF APNS | شمارہ 348

منگل 28 جنوری 2025ء | 27 رجب المرجب | 1446ھ | رجسٹرڈ ڈی سی بی-10

# بلوچستان کی حقیقی تصویر دنیا کے سامنے لائیں گے

میر سرفراز بگٹی

## پاکستان کی ترقی بلوچستان سے شروع ہوگی، سرمایہ کاری کے لئے سعودی عرب، یو اے ای، اور چین کے سرمایہ کار آرہے ہیں

### ریکوڈیک منصوبے سے جو بھی کمائیں گے پہلا حق وہاں کے لوگوں کا ہوگا بلوچ نوجوانوں کو ملک دشمنوں کے پروپیگنڈے ٹولز سے متاثر نہیں ہونا چاہیے

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے پاکستان کی ترقی بلوچستان سے شروع ہوگا ریکوڈیک منصوبے سے جو بھی کمائیں کے پہلا حق وہاں کے لوگوں کا ہوگا بلوچ نوجوان ملک دشمنوں کے پروپیگنڈے ٹولز سے متاثر نہیں ہونا چاہیے بیروزگاری صرف بلوچستان میں نہیں ہے بلکہ ملک بھر کا یہ مسئلہ ہے۔ بحیثیت بلوچ قوم حقیقت پر مبنی فیصلہ کریں بلوچستان جلد ترقی کی پٹڑی پر چل پڑے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو میں کہی میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ریکوڈیک منصوبے کے فوائد سب سے پہلے وہاں کے عوام کو ملیں گے خصوصا نوکنڈی، چاغی، دالبندین، اور رخشاں ڈویژن کے رہائشیوں کو اس منصوبے سے براہ راست فائدہ پہنچے گا حکومت بلوچستان نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ریکوڈیک سے ہونے والی کمائی کا پہلا حق ان عوام کا ہے جو اس علاقے میں رہتے ہیں بلوچستان میں سرمایہ کاری کے لئے سعودی عرب، یو اے ای، اور چین کے سرمایہ کار آرہے ہیں، اور تفتان میں پبلک پارٹنرشپ کے تحت معاہدہ کیا گیا ہے جس کا سرمایہ تفتان میں ہی استعمال کیا جائے گا بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں پر کام کرنا آسان نہیں ہے، لیکن ان چیلنجز کے باوجود حکومت بلوچستان اس پر کام کر رہی ہے انہوں نے بلوچستان کے نوجوانوں اور عوام کو پیغام دیتے ہوئے کہا کہ وہ ملک دشمنوں کے پروپیگنڈے سے متاثر نہ ہوں، بلکہ حقیقت پر مبنی فیصلے کریں بلوچستان کی ترقی انشاء اللہ جلد شروع ہو جائے گی اور پاکستان کی ترقی بھی بلوچستان سے شروع ہوگی۔ بلوچستان کی حقیقی تصویر دنیا کے سامنے لانے کی کوشش کی جائے گی بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں پر کام کرنے کی مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی اور بیروزگاری کا مسئلہ صرف اس صوبے تک محدود نہیں ہے، بلکہ پورے ملک کا مسئلہ ہے بدقسمتی سے بعض گروہ بلوچستان کے عوام اور ریاست کے خلاف پروپیگنڈہ کرتے ہیں، اور یہ پیغامات سوشل میڈیا پر پھیلائے جاتے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا پی ایس ڈی پی (پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام) کا سائز 210 بلین روپے ہے، جو پاکستان کی ترقی کے لئے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ جب ریکوڈک منصوبہ مکمل طور پر چل پڑے گا، تو اس سے بلوچستان کی معیشت میں مزید بہتری آئے گی، اور یہ منصوبہ ایک بلین ڈالر کی سرمایہ کاری تک پہنچ جائے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 منگل 28 جنوری 2025ء 27 رجب المرجب 1446ھ صفحات 6 قیمت 20 روپے شمارہ 28

وزیراعلیٰ بلوچستان

# بلوچستان کی حقیقی تصویر دنیا کے سامنے لائی جائیگی

## بیروزگاری صرف بلوچستان میں نہیں بلکہ ملک بھر کا مسئلہ ہے، بلوچ نوجوان کو ملک دشمنوں کے پروپیگنڈے ٹولز سے متاثر نہیں ہونا چاہیے

## بحیثیت بلوچ قوم حقیقت پرمبنی فیصلہ کریں بلوچستان جلد ترقی کی پٹڑی پر چل پڑے گا، بلوچستان میں سرمایہ کاری کیلئے سعودی عرب، یو اے ای، اور چین کے سرمایہ کار آ رہے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے پاکستان کی ترقی بلوچستان سے شروع ہوگا ریکوڈیک منصوبے سے جو بھی کمائیں گے پہلا حق وہاں کے لوگوں کا ہوگا بلوچ نوجوان کو ملک دشمنوں کے پروپیگنڈے ٹولز سے متاثر نہیں ہونا چاہیے بیروزگاری صرف بلوچستان میں نہیں ہے بلکہ ملک بھر کا یہ مسئلہ ہے بحیثیت بلوچ قوم حقیقت پر مبنی فیصلہ کریں بلوچستان جلد ترقی کی پٹڑی پر چل پڑے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو میں کہی میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ریکوڈیک منصوبے کے فوائد سب سے پہلے وہاں کے عوام کو ملیں گے خصوصا نوکنڈی، چاغی، دالبندین، اور رخشاں ڈویژن کے رہائشیوں کو اس منصوبے سے براہ راست فائدہ پہنچے گا حکومت بلوچستان نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ریکوڈیک سے ہونے والی کمائی کا پہلا حق ان عوام کا ہے جو اس علاقے میں رہتے ہیں بلوچستان میں سرمایہ کاری کے لئے سعودی عرب، یو اے ای، اور چین کے سرمایہ کار آ رہے ہیں، اور تفتان میں پبلک پارٹنرشپ کے تحت معاہدہ کیا گیا ہے جس کا سرمایہ تفتان میں ہی استعمال کیا جائے گا بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں پر کام کرنا آسان نہیں ہے، لیکن ان چیلنجز کے باوجود حکومت بلوچستان اس پر کام کر رہی ہے انہوں نے بلوچستان کے نوجوانوں اور عوام کو پیغام دیتے ہوئے کہا کہ وہ ملک دشمنوں کے پروپیگنڈے سے متاثر نہ ہوں، بلکہ حقیقت پر مبنی فیصلے کریں بلوچستان کی ترقی انشاءاللہ جلد شروع ہو جائے گی اور پاکستان کی ترقی بھی بلوچستان سے شروع ہوگی۔ بلوچستان کی حقیقی تصویر دنیا کے سامنے لانے کی کوشش کی جائے گی بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں پر کام کرنے کی مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی اور بیروزگاری کا مسئلہ صرف اس صوبے تک محدود نہیں ہے، بلکہ پورے ملک کا مسئلہ ہے بدقسمتی سے بعض گروہ بلوچستان کے عوام اور ریاست کے خلاف پروپیگنڈہ کرتے ہیں، اور یہ پیغامات سوشل میڈیا پر پھیلائے جاتے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا پی ایس ڈی پی (پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام) کا سائز 210 بلین روپے ہے، جو پاکستان کی ترقی کے لئے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ جب ریکوڈک منصوبہ مکمل طور پر چل پڑے گا، تو اس سے بلوچستان کی معیشت میں مزید بہتری آئے گی، اور یہ منصوبہ ایک بلین ڈالر کی سرمایہ کاری تک پہنچ جائے گی۔

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

Daily Qudrat Quetta

قدرت کوئٹہ

صفحات 8 قیمت 15 روپے — چیف ایڈیٹر نعمت اللہ

جلد 20 — منگل 28 جنوری 2025، 27 رجب المرجب 1446ھ — شمارہ 291

# پاکستان کی ترقی بلوچستان سے شروع ہوگی، سرفراز بگٹی

ریکوڈیک منصوبے سے جو بھی کمائیں گے پہلا حق وہاں کے لوگوں کا ہوگا بلوچ نوجوان ملک دشمنوں کے پروپیگنڈے ٹولز سے متاثر نہیں ہونا چاہیے

بلوچستان میں نہیں ہے بلکہ ملک بھر کا یہ مسئلہ ہے بحیثیت بلوچ قوم حقیقت پر مبنی فیصلہ کریں بلوچستان جلد ترقی کی پٹڑی پر چل پڑے گا

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے پاکستان کی ترقی بلوچستان سے شروع ہوگا ریکوڈیک منصوبے سے جو بھی کمائیں گے پہلا حق وہاں کے لوگوں کا ہوگا بلوچ نوجوان ملک دشمنوں کے پروپیگنڈے ٹولز سے متاثر نہیں ہونا چاہیے بیروزگاری صرف بقیہ 4 صفحہ 6 پر

بلوچستان میں نہیں ہے بلکہ ملک بھر کا یہ مسئلہ ہے بحیثیت بلوچ قوم حقیقت پر مبنی فیصلہ کریں بلوچستان جلد ترقی کی پٹڑی پر چل پڑے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو میں کیا میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ریکوڈیک منصوبے کے فوائد سب سے پہلے وہاں کے عوام کو ملیں گے خصوصاً نوکنڈی، چاغی، دالبندین، اور رخشاں ڈویژن کے رہائشیوں کو اس منصوبے سے براہ راست فائدہ پہنچے گا حکومت بلوچستان نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ریکوڈیک سے ہونے والی کمائی کا پہلا حق ان عوام کا ہے جو اس علاقے میں رہتے ہیں بلوچستان میں سرمایہ کاری کے لئے سعودی عرب، یو اے ای، اور دیگر کے سرمایہ کار آ رہے ہیں، اور تفتان میں ملک پارٹنرشپ کے تحت معاہدہ کیا گیا ہے جس کا سرمایہ تفتان میں ہی استعمال کیا جائے گا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
8

Balochistan Times
92 NEWS MEDIA GROUP
Founded by Syed Faseih Iqbal in 1976
balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk
Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 992 QUETTA Tuesday January 28, 2025 /Rajabul Murajjab 27, 1446

# Reko Diq a game-changer project for Balochistan, says CM

Staff Report



**ISLAMABAD:** Chief Minister Balochistan Sarfraz Bugti, on Monday, said that the Reko Diq project is a game-changer for Balochistan by addressing unemployment and fostering development in education, healthcare, and skill-building.

Talking to a private news channel, he said that the project positively impacted local communities by creating jobs and improving livelihoods.

Chief Minister mentioned seeing firsthand how the project is benefiting local communities, creating jobs, and positively impacting hearts and minds. He stressed that this is a step forward not just for Balochistan but for Pakistan as a whole, indicating growing regional investments and opportunities for collaboration.

Answering a question, the CM said that while misinformation portrays Balochistan as slipping out of control, the province remains firmly integrated within Pakistan. He highlighted three key challenges threatening Pakistan: violence, social mobilization, and the misuse of social media, which collectively aim to destabilize the nation. He explained how videos were strategically filmed and propagated through social media to create false narratives.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 28 JAN 2025

Page No. 9


## بلوچستان کی ترقی سی پیک سے وابستہ ہے، سردار کھیتران

### کالعدم تنظیم اور ان کے سہولت کاروں کے دھرنے سی پیک سبوتاژ کرنے کی کوشش ہیں

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر پی ایچ ای و واسا سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا ہے کہ سی پیک گیم چینجر ہے اور بلوچستان کی ترقی سی پیک سے وابستہ ہے لیکن گزشتہ چند عرصے نام نہاد کالعدم تنظیم اور ان کے سہولت کار بلوچستان میں جگہ جگہ دھرنے دے کر اس معاملے کو سبوتاژ کرنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں بلوچستان بے پناہ صلاحیتوں کی سرزمین ہے اور قدرتی وسائل کا گھر ہے اس کے باوجود، گزشتہ کئی دہائیوں سے بلوچستان کو چیلنجوں کا سامنا ہے جس کو ہمارے ادارے اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے اسے اپنی پوری صلاحیت سے روک دیا ہے۔ آج کے دور میں سب سے زیادہ پریشان کن مسائل میں سے بعض افراد اور گروہوں کا منفی اثر و رسوخ ہے جو اپنے حقوق کے لیے لڑنے کے بہانے نوجوانوں خصوصاً طلبہ کو گمراہ کرتے ہیں ان افراد میں ایک خاتون نمایاں ہیں جو صوبے کو غیر مستحکم کرنے والے بیانیے کو پھیلانے میں سرگرم عمل ہیں۔ اس کی بیان بازی نوجوان ذہنوں کو بھلے ہی دلکش لگتی ہو، لیکن اس کے دعوؤں کے پیچھے بیرونی فنڈنگ اور ریاست مخالف مقاصد سے چلنے والا ایجنڈا ہے۔ وہ جن شخصیتوں کی نمائندگی کرتی ہیں وہ بلوچ نوجوانوں کی بہتری کے لیے کام نہیں کر رہی ہیں۔ ہمیں یہ دیکھنا اور سوچنا ہوگا کہ پنجاب اور وفاقی دارالحکومت میں بلوچستان کے بچے زیر تعلیم ہیں اور انہیں اور ان کے والدین کو پتا ہے کہ تعلیم سب سے بڑی طاقت ہے اور تعلیم سے بلوچستان میں جدت، ترقی لا سکتے ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ ان غلط بیانیوں اور تفرقہ انگیز نظریات کی جانب توجہ نہ دیں تاکہ ان جو بلوچستان کے نوجوان کو اپنے تعلیمی مقاصد سے ہٹانے کی ناکام کوشش کی جا رہی ہیں اس کو تقویت نہ ملے۔

## پیپلز پارٹی نے نصیر آباد ڈویژن میں بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کی، صادق عمرانی

### بلدیاتی انتخابات میں پارٹی امیدوار کی کامیابی کارکنوں کی محنت کا نتیجہ ہے، صوبائی وزیر آبپاشی

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق خان عمرانی نے بلدیاتی انتخابات میں پیپلز پارٹی کے امیدوار کی کامیابی کو کارکنوں کی محنت کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی نے نصیر آباد ڈویژن میں بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ نصیر آباد سے تعلق رکھنے والے دو سے تین سابق صوبائی وزرا اور مسلم لیگ ن کے ایک ایم پی اے کے سابق امیدوار بھی اپنے حمایت یافتہ امیدوار کو کامیاب نہ کرا سکے، جبکہ پیپلز پارٹی کے ڈویژنل صدر میر محمد بلال عمرانی نے اپنی قیادت میں پارٹی کے امیدوار کو کامیابی دلوا کر ایک بڑی سیاسی برتری ثابت کی۔ یہ انتخابی نتائج اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ پیپلز پارٹی کی مقبولیت اور تنظیمی طاقت نصیر آباد ڈویژن میں مزید مستحکم ہو رہی ہے، اور عوام نے اپنے اعتماد اور حمایت کا بھرپور اظہار کیا ہے۔

## سرکار کی رٹ چیلنج کرنے والوں سے سختی سے نمٹیں گے، علی حسن

### حب بلوچستان کا اہم تجارتی مرکز ہے گا، سرمایہ کاروں کو پرامن ماحول فراہم کیا جائیگا، گفتگو

حب (آن لائن + خ ن) صوبائی وزیر میر علی حسن زہری نے کہا ہے کہ سرکار کی رٹ کو چیلنج کرنے والے جرائم پیشہ عناصر سے سختی سے نمٹیں گے، قانون کی بالادستی اور شہریوں کی جان مال کا تحفظ یقینی بنائیں گے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری کی ہدایت پر وزیر اعلیٰ نے فرض کی ادائیگی کے دوران شہید ہونے والے پولیس کانسٹیبل وین مینگل کے لواحقین کیلئے ایک کروڑ روپے گرانٹ اور ہم نے بیس لاکھ روپے دینے کا اعلان کیا ہے شہید اہلکار کے فرزند کو پولیس میں ملازمت دلوائینگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دورہ حب کے موقع پر لیڈا کانفرنس ہال میں میڈیا کو بریفنگ میں کیا۔ علی حسن زہری نے کہا کہ ضلع حب کے امن کو متاثر کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دینگے، شکست خوردہ ٹولہ اقتدار سے محرومی کے بعد حب کے امن کو تباہ کرنے کے درپے ہے، اقلیتی برادری کو نشانہ بنانے والوں کی نشاندہی ہوگئی ہے، جلد وہ قانون کے کٹہرے میں ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری بلوچستان خاص طور پر ضلع حب کی ترقی چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حب شہر میں ٹریفک مینجمنٹ کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر نے پلان تیار کیا ہے، اسسٹنٹ کمشنر کی سربراہی میں اینٹی اینکروچمنٹ ٹیم بنائی گئی ہے لیویز کی نفری بھی ٹیم کیساتھ فرائض سرانجام دیگی۔ دریں اثناء انہوں نے کہا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری کی خصوصی توجہ سے صنعتی ضلع حب بلوچستان کا اہم تجارتی مرکز بننے جا رہا ہے انویسٹرز کیلئے سازگار ماحول کی فراہمی اور کراچی پورٹ سے نزدیک حب بلوچستان اور پاکستان کی معاشی ترقی کا ضامن بنے گا۔

## گنداواہ درگاہ فتح پور شریف پر صوبائی مشیر برائے محکمہ لیبر و مین پاور نے حاضری دی

گنداواہ (نامہ نگار) صوبائی مشیر برائے محکمہ لیبر و مین پاور سردار بابا غلام رسول عمرانی نے بلوچستان کی مشہور درگاہ فتح پور شریف پر حاضری دی اور درگاہ کے سجادہ نشین حضرت سید سرفراز علی شاہ صوفی القادری سے علاقائی امن ملکی سلامتی اور اپنے لیے دعائے خیر کرائی۔ اس موقع پر سید آصف علی شاہ، سید حفیظ اللہ شاہ، رئیس نذیر احمد عمرانی، اکبر علی مگھو اور عقیدت مندوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔

## بیلہ: جام کمال کی ہدایت پر خواتین کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد

بیلہ (خ ن) وفاقی وزیر تجارت نواب جام کمال خان عالیانی کے احکامات کی روشنی میں خواتین کی پہلی کھلی کچہری لسبیلہ کی تحصیل بیلہ میں منعقد کی گئی جس میں پارلیمانی سیکریٹری سیاحت و ثقافت میر زرین مگسی، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرہ بلوچ اور اسسٹنٹ کمشنر سب ڈویژن بیلہ رومیل نعیم نے خواتین سے ان کے مسائل سنے۔ کھلی کچہری میں شہر بھر سے خواتین کی کثیر تعداد نے شرکت کی جنہوں نے تعلیم صحت بجلی پینے کے صاف پانی و دیگر مسائل بیان کئے۔ اس موقع پر زرین مگسی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تمام جائز مسائل کے حل کے لئے اقدامات کئے جائینگے، کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 28 JAN 2025 Page No. 10


## کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں ترقیاتی کام جاری ہیں، میر لیاقت لہڑی

پیپلز پارٹی کو خدمت ترقی و خوشحالی کا مینڈیٹ ملا ہے، عوامی مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں

**عوام کو روزگار کی فراہمی، اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کئے جارہے ہیں، پارلیمانی سیکرٹری محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی**

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما پارلیمانی سیکرٹری محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی میر لیاقت علی لہڑی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام نے پاکستان پیپلز پارٹی کو خدمت اور ترقی وخوشحالی کا مینڈیٹ دیا ہے، کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں ترقیاتی کام جاری ہیں، عوامی مسائل کے حل کے لئے عملی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ یہ بات انہوں نے پیر کو اپنے دفتر میں مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ میر لیاقت لہڑی نے کہا کہ کوئٹہ کے عوام نے پیپلز پارٹی کو شہر کی بہتری کے لئے ووٹ دیکر منتخب کیا ہے، ہم عوام کی خواہشات اور امنگوں پر پورا اترتے ہوئے سڑکوں کی تعمیر، پانی، بجلی اور گیس کی بلاتعطل فراہمی کے لئے اقدامات اٹھارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو روزگار کی فراہمی، اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کئے جارہے ہیں جن سے نوجوان نہ صرف اپنے لئے بلکہ صوبے کے لئے بھی کارآمد ثابت ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان حکومتی اقدامات سے بھرپور انداز میں استفادہ حاصل کرتے ہوئے ہنر سیکھیں اور معاشرے میں اپنا مثبت کردار ادا کریں۔

## حکومت عوامی مسائل کے حل کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھارہی ہے، بخت محمد کاکڑ

تمام سرکاری ہسپتالوں میں ادویات' علاج و معالجہ سمیت تمام تر سہولیات کی فراہمی کیلئے حکومت بھرپور کوشش کررہی ہے

**محکمہ صحت کی بہتری کیلئے ڈاکٹرز' پیرامیڈیکس سٹاف' نرسز و دیگر عملہ اپنے فرائض ایمانداری کے ساتھ نبھائیں' وزیر صحت**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت عوامی مسائل کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھارہی ہے چاہے ڈاکٹر ہو یا کسی بھی محکمے سے تعلق رکھنے والے افیسران سٹاف و دیگر عملے کو اپنی ڈیوٹی ایمانداری اور بخوبی انجام دینا ہوگی اگر کوئی کوئی غفلت یا کوتاہی کرتا ہے تو ان کے خلاف تادیبی کارروائی کی جائے گی عوام نے پر اعتماد کر کے ایوان تک پہنچادیا ہم اپنے حلف کے پابند ہیں اور کسی صورت عوام کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائیں گے۔ یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ محکمہ کی صحت کی بہتری حکومت کی اولین ترجیح ہے تمام سرکاری ہسپتالوں میں ادویات' علاج ومعالجہ سمیت تمام تر سہولیات کی فراہمی کیلئے حکومت بھرپور کوشش کررہی ہے اور عوام کو کسی صورت مایوس نہیں کریں گے تمام سہولیات فراہم کرینگے تاکہ مریض ان سہولیات سے استفادہ حاصل کرسکیں ہماری روز اول سے یہی کوشش رہی ہے کہ عوام کو مایوس نہیں کریں بلکہ ہر ممکن سہولیات ان کی دہلیز پر دیں انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت کی بہتری کیلئے ڈاکٹرز' پیرامیڈیکس سٹاف' نرسز سمیت دیگر عملے کو چاہئے کہ وہ اپنے فرائض کو ایمانداری کے ساتھ نبھائیں اور غریب مریضوں کی خدمت میں ہمہ وقت پیش پیش رہے تاکہ مریضوں کی علاج ومعالجہ ان کی دہلیز پر حل ہو اس سلسلے میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے کہا کہ الیکشن سے قبل عوام سے کیے گئے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 28 JAN 2025 Page No. 11


## بلوچستان کے نوجوانوں نے تعلیم سمیت ہر جگہ اپنی قابلیت کا لوہا منوایا، مینا مجید بلوچ

### صوبائی حکومت نوجوانوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کررہی ہے، تعلیم کو بطور ہتھیار استعمال کیا جائے

بھاگ (نامہ نگار) بلوچستان کے نوجوانوں میں قابلیت اور ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں بلوچستان کے نوجوانوں نے تعلیم، کھیل سمیت ہر جگہ پر اپنی قابلیت کا لوہا منوایا ہے ہر سطح اور ہر پلیٹ فارم پر نوجوانوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کی جارہی ہے ان خیالات کا اظہار صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ نے کیا انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت ہر سطح پر نوجوانوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کررہی ہے بلوچستان کے نوجوان تعلیم کو بطور اپنا ہتھیار استعمال کریں کیونکہ تعلیم ہی سے ترقی یافتہ قومیں ترقی کے منازل طے کرتی ہیں جن قوموں نے اعلیٰ تعلیم حاصل کی آج ترقی کی بلندیوں کو چھو رہی ہیں آج کا دور جدید سائنس اور ٹیکنالوجی کا دور ہے قلم سے ہی ترقی اور خوشحالی آئے گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں نے تعلیم ہو یا پھر کھیل ہو اپنی قابلیت کا لوہا منوایا ہے کھیل کے میدانوں میں بھی آج بلوچستان کے ہر کونے اور علاقے سے نوجوانوں نے اپنا حصہ ڈالا ہے بلوچستان کے ہر شہر سے نوجوان کھیل کے میدان میں کھیل رہے ہیں جو کہ ان کی قابلیت اور ذہنی نشوونما کا بہترین مظہر ہے انہوں نے کہا کہ ہر اول دن سے کوشش رہی ہے کہ بلوچستان کے ہر کونے میں، شہروں میں کھیل کے حوالے سے بہترین پروگرام کا انعقاد ضروری ہے اس حوالے سے ہماری کوششیں جاری و ساری ہیں کہ نوجوانوں کو کھیل کی طرف راغب کر کے ان کو جدید طرز کی سہولیات فراہم کریں تا کہ ان کی فٹنس اور ذہنی تربیت ہو اور وہ کھیل کی طرف اپنا دھیان کر کے معاشرتی دیگر برائیوں اور غلط سوسائٹی سے بچ سکیں۔

## انتظامی آفیسرز عوامی مسائل کے حل میں ناکام ہوگئے، یونس عزیز زہری

### پولیس، سی آئی اے، کسٹم، سی ٹی ڈی جیسے اداروں نے قانون ہاتھ میں لیکر عوام کا جینا محال کردیا ہے، خضدار پریس کلب میں گفتگو

خضدار (این این آئی) بلوچستان اسمبلی میں قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری نے خضدار پریس کلب میں ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خضدار میں انتظامیہ آفیسرز، عوامی مسائل کے حل میں بری طرح ناکام ہوگئے ہیں، پولیس، سی آئی اے، کسٹم، سی ٹی ڈی وغیرہ نے از خود قانون ہاتھ میں لیکر عوام کا جینا محال کردیا ہے۔ یہ تمام محکمہ جات اپنی سمت درست کرلیں ورنہ ان کے خلاف شدید عوامی ردعمل آیگا اور اسمبلی کے فورم پر اپوزیشن جماعتیں بھی متحرک ہونگی۔ یہ ایک قبائلی علاقہ ہے یہاں بھتہ خوری کی کسی بھی طرح اجازت نہیں دی جاسکتی ہے اور بطور عوامی نمائندہ میں انہیں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ وہ اپنا رویہ درست کرلیں اور جس حد تک انہیں ذمہ داری دی گئی ہے وہ احسن طریقے سے ادا کریں یہ ان سرکاری اداروں کا معیار نہیں کہ وہ لوگوں کو کاروبار کرنے سے روکیں اور بلاوجہ شہریوں اور تاجروں کو تنگ کریں۔ یہاں پولیس والے دکانوں کے اندر پہنچ کر لوگوں سے ان کے تجارت کا مال انہیں چھیننے پر مجبور کردیتے ہیں۔ جن انسپکٹرز کو خضدار کے عوام کے تحفظ کی رکھوالی پر محافظ بنا کر بٹھایا ہے حکمران ان کا ماضی میں کردار بھی تو دیکھ لیں۔ خضدار پولیس کے کردار سے محسوس ہوتا ہے کہ اس نے کبھی سدھرنا نہیں ہے بلکہ ہمیشہ بدعائیں اور ناکامیاں سمیٹنا ہے۔ خضدار لاوارث نہیں ہے۔

## ضلع گوادر میں منشیات کے اڈوں کیخلاف عوامی جنگ ہوگی، ہدایت الرحمان

### منشیات بیچنے والے ہماری قوم و نسل کے دشمن ہیں، ویڈیو پیغام، بلوچستان کے وسائل کو لٹیروں سے آزاد کرائیں گے، گفتگو

گوادر (این این آئی) قائد حق دو تحریک بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ ضلع گوادر میں منشیات فروشوں اور شراب کے اڈوں کے خلاف عوامی جنگ ہوگی، گوادر میں منشیات فروشوں کے نام سڑکوں پر آویزاں کریں گے۔ پیر کو مولانا ہدایت الرحمن نے ضلع گوادر میں شراب و منشیات کے خلاف اہم عوامی ویڈیو پیغام میں کہا کہ ضلع گوادر میں منشیات نے ہمارے قوم و نسل کو تباہ کر کے رکھ دیا، منشیات بیچنے والے ہماری قوم و نسل کے دشمن ہیں، انہوں نے کہا کہ اس نے اس حوالے آئی جی پولیس و ایس ایس پی گوادر کو منشیات فروشوں و منشیات کے اڈوں کے خلاف سخت سے سخت کاروائی کرنے پر زور دیا گو کہ وہ باثر ہوں انکے خلاف جنگی بنیادوں پر اقدامات و سخت کارروائی کریں، انہوں نے ضلع گوادر کے مختلف شہر دیہاتوں کے باسیوں سے اپیل کی کہ وہ اپنے ارد گرد موجود منشیات کے اڈوں و منشیات فروشوں کے نام تین دن کے اندر حق دو تحریک یا جماعت اسلامی گوادر آفس ہمیں بھیجیں تا کہ ہم ان کے نام گوادر شہر چوک، چوراہوں اور سڑکوں پر آویزاں کرینگے۔ دریں اثناء خضدار اور کوئٹہ میں اجلاس سے خطاب اور وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں انہوں نے کہا کہ بہت جلد عوام کو حقوق دلانے، مسائل سے نجات دلانے اور لاپتہ افراد کی بازیابی، بارڈر زکاروبار کھولنے، روزگار کی فراہمی کیلئے حق دو بلوچستان کو تحریک کے تحت کوئٹہ میں ایک لاکھ لوگوں کا دھرنا دیں گے عوامی قوت سے بلوچستان کے وسائل کو لٹیروں سے آزاد کرائیں گے، عوام ساتھ دیں تا کہ ایک لاکھ افراد کوئٹہ میں جمع کر کے حکمرانوں، مقتدر قوتوں اور ملت دشمنوں سے وسائل، حقوق اور دولت لیکر عوام پر خرچ کریں حکمران سیکورٹی ادارے مصور کا کز سمیت لاپتہ افراد کو بازیاب اور سیکورٹی فورسز کے مظالم ولوٹ مار سے عوام کو نجات دے دیں۔

MASHRIQ QUETTA

## ایف سی کو امن وامان کیلئے خطیر رقم جاری کرنا سمجھ سے بالاتر ہے، نیشنل پارٹی

### پولیس، ایف سی کا کام کیونکہ ان میں ایم این اے، ایم پی اے، سینیٹر کی خوشنودی کیلئے افسران تعینات ہوتے ہیں

### امن وامان کی صورتحال بلوچستان میں ایسی ہے کہ یہاں کوئی محفوظ نہیں، سینیٹر

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء سینیٹر جان محمد بلیدی نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے ایف سی کو ادارے کو امن وامان برقرار رکھنے کیلئے خطیر رقم جاری کرنا سمجھ سے بالاتر ہے حالانکہ وفاقی حکومت ان اداروں کو نہ صرف تنخواہ فراہم بلکہ ان کی تمام ضروریات پورا کرتی ہے ایف سی کا کام امن وامان کی بجائے .........

بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

تمام ضلعوں میں قیمتی زمینوں پر قبضہ کرنا ہے جب ان سے بات کی جائے تو ایف سی کا موقف ہوتا ہے کہ ہم بارڈر پر امن وامان برقرار رکھنے کیلئے ڈیوٹی سرانجام دیتے ہیں جب ان سے پوچھا جاتا ہے کہ صوبائی حکومت آپ کو 90 ارب روپے امن وامان کیلئے کیوں فراہم کرتی ہے تو یہ جواب دینے کی بجائے اس شخص کو لاپتہ کردیتی ہے جو یہ سوال کرتا ہے پولیس امن وامان برقرار رکھنے میں اس لئے ناکام ہے کیونکہ حکومت بلوچستان میرٹ کی بجائے ایم این اے ایم پی اے اور سینیٹرز کی خوشنودی کیلئے ان کی مرضی کے آفیسران تعینات کرتی ہے تا کہ ان کی مرضی چل سکے اس لئے صوبے میں امن وامان برقرار رکھنے میں صوبائی حکومت ناکام ہے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 | Dated: 28 JAN 2025 | Page No. 12

## انسداد اسمگلنگ کیلئے کوآرڈی نیشن کا موثر نظام تشکیل دیا جائے، چیف سیکرٹری

**یوریا اور چینی کی اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے صوبے بھر میں اقدامات جاری رکھے جائیں، اجلاس**

کوئٹہ (غ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت اسمگلنگ کے روک تھام کے حوالے سے اعلیٰ سطح جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں اسمگلنگ، منشیات، اشیائے خورونوش بشمول چینی، گندم، کھاد، پیٹرولیم مصنوعات اور غیر قانونی اسلحے کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ شہاب علی شاہ، بریگیڈیئر ایف سی امان اللہ، سیکرٹری خوراک مظفر ذیشان لہڑی، سیکرٹری فشریز جاوید انور ہاشمی، سیکرٹری، کمشنر کوئٹہ حمزہ شفقات، سپیشل سیکرٹری انڈسٹری حفیظ اللہ یوغور، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی جبکہ ڈویژنل کمشنرز نے بذریعہ وڈیو لنک اجلاس میں شریک رہے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسمگلنگ کو روکنے کے لیے متعلقہ محکموں اور اداروں کے درمیان بہترین کوآرڈینیشن کا موثر نظام تشکیل دیا جائے اور یوریا اور چینی کی اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے صوبے بھر میں اقدامات جاری رکھے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ چینی اور یوریا کے اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے تمام چیک پوسٹوں پر چیکنگ سخت کی جائے۔ اس کے علاوہ چینی اور یوریا کی اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے ٹریس اینڈ ٹریک سسٹم کو بھی بہتر بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی اداروں اور صوبائی حکومت کو اس ضمن میں مل کر کام کرنا ہوگا۔



کوئٹہ: چیف سیکرٹری شکیل قادر خان اسمگلنگ کی روک تھام کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

## چینی اور یوریا کی سمگلنگ روکنے کیلئے سخت چیکنگ کی جائے، چیف سیکرٹری بلوچستان

**اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے ٹریس اینڈ ٹریک سسٹم کو بہتر بنایا اور مقابلہ کرنے کیلئے ضروری اقدامات اٹھائے جائیں**

**قانون نافذ کرنے والے ادارے انسداد اسمگلنگ کی کوششوں کو مزید تیز کرنے کی حکمت عملی اپنائیں، افسران کو ہدایت**

**اسمگلنگ روکنے کیلئے متعلقہ محکموں اور اداروں کے درمیان بہترین کوآرڈینیشن کا موثر نظام تشکیل دیا جائے، اجلاس میں گفتگو**

کوئٹہ (غ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت اسمگلنگ کے روک تھام کے حوالے سے اعلیٰ سطح جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں اسمگلنگ، منشیات، اشیائے خورونوش بشمول چینی، گندم، کھاد، پیٹرولیم مصنوعات اور غیر قانونی اسلحے کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ شہاب علی شاہ، بریگیڈیئر ایف سی امان اللہ، سیکرٹری خوراک مظفر ...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

ذیشان لہڑی، سیکرٹری فشریز جاوید انور ہاشمی، سیکرٹری کمشنر کوئٹہ حمزہ شفقات، سپیشل سیکرٹری انڈسٹری حفیظ اللہ یوغور، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی جبکہ ڈویژنل کمشنرز نے بذریعہ وڈیو لنک اجلاس میں شریک رہے۔



چیف سیکرٹری شکیل قادر خان اسمگلنگ کی روک تھام کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

Century Express Quetta

## سمگلنگ کی روک تھام کیلئے کوآرڈینیشن ضروری، شکیل قادر

**اداروں کی استعداد جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے اقدامات کیے جائیں**

**چیف سیکرٹری کی زیر صدارت اجلاس، متعلقہ حکام و کمشنرز ویڈیو لنک سے شریک**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت اسمگلنگ کے روک تھام کے حوالے سے اعلیٰ سطح جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں اسمگلنگ، منشیات، (باقی صفحہ 5 نمبر 20)

اشیائے خورونوش بشمول چینی، گندم، کھاد، پیٹرولیم مصنوعات اور غیر قانونی اسلحے کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ شہاب علی شاہ، بریگیڈیئر ایف سی امان اللہ، سیکرٹری خوراک مظفر ذیشان لہڑی، سیکرٹری فشریز جاوید انور ہاشمی، سیکرٹری، کمشنر کوئٹہ حمزہ شفقات، سپیشل سیکرٹری انڈسٹری حفیظ اللہ یوغور، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی جبکہ ڈویژنل کمشنرز نے بذریعہ وڈیو لنک اجلاس میں شریک رہے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسمگلنگ کو روکنے کے لیے متعلقہ محکموں اور اداروں کے درمیان بہترین کوآرڈینیشن کا موثر نظام تشکیل دیا جائے اور یوریا اور چینی کی اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے صوبے بھر میں اقدامات جاری رکھے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ چینی اور یوریا کے اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے تمام چیک پوسٹوں پر چیکنگ سخت کی جائے۔ اس کے علاوہ چینی اور یوریا کی اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے ٹریس اینڈ ٹریک سسٹم کو بھی بہتر بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی اداروں اور صوبائی حکومت کو اس ضمن میں مل کر کام کرنا ہوگا اور اداروں کی استعداد کار کو کسی بھی غیر معمولی صورتحال سے مقابلہ کرنے کے تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کے لئے ضروری اقدامات اٹھائے جائیں۔ چیف سیکرٹری نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو انسداد اسمگلنگ کی کوششوں کو مزید تیز کرنے کی بھی ہدایت کی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 2

Dated: 28 JAN 2025 Page No. 13

# Chief Secretary for robust coordination system to combat smuggling

Staff Report

**QUETTA**: Chief Secretary Balochistan, Shakeel Qadir Khan on Monday emphasized the need for a robust coordination system between departments and agencies to combat smuggling in the province.

He emphasized that measures should be strengthen to prevent the smuggling of urea and sugar across the province. He instructed that strict monitoring should be implemented at all checkpoints to prevent the illegal trade of key commodities.

A high-level review meeting was held under the chairmanship of Chief Secretary Balochistan to curb the smuggling, including the illegal trade of essential goods such as sugar, wheat, fertilizer, petroleum products, drugs and weapons. The meeting provided an in-depth briefing on these pressing concerns.

Shakeel Qadir Khan called for the enhancement of the Trace and Track System to further combat the smuggling of sugar and urea from the province. He also highlighted the need for cooperation between federal and provincial agencies to strengthen institutional capabilities and ensure readiness for any extraordinary situations.

He directed law enforcement agencies to expedite their efforts in preventing smuggling and ensure a more robust response to this issue. The meeting was attended by Additional Chief Secretary of Home, Shahab Ali Shah, Brigadier FC Amanullah, Secretary of Food, Muzaffar Zeeshan Lehri, Secretary of Fisheries department, Javed Anwar Hashmi, Commissioner of Quetta division.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 28 JAN 2025 Page No. 14

# ریکوڈک سے بلوچستان کے عوام کو 25 فیصد حصہ پہلے ملتا رہے گا، بیرک گولڈ

## منصوبے کے مالک پاکستان اور بلوچستان کے عوام ہیں، ہم دنیا کے سرمایہ کاروں کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کیلئے لارہے ہیں

**25 فیصد حصے میں 10 فیصد تمام شیئرز ہولڈرز کیلئے مختص ہوگا، باقی 15 فیصد وفاقی حکومت کیلئے ہوگا، مارک برسٹو کی نجی ٹی وی سے گفتگو**

کوئٹہ (یو این اے) بیرک گولڈ کارپوریشن کے چیف ایگزیکٹو مارک برسٹو نے کہا ہے کہ ریکوڈیک کے مالک پاکستان اور بلوچستان کے عوام ہیں ہم نے دنیا کے اس حصے میں تبدیلی لانے والے ہیں ریکوڈیک سے پہلے بلوچستان کے لوگوں کو 25 فیصد حصہ ملتا رہے گا ہم دنیا کے سرمایہ کاروں کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے لارہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو میں کہی مارک برسٹو نے کہا ہے کہ ہم نے بلوچستان میں 2019 میں یہ منصوبہ شروع کیا تھا اس منصوبے کا مقصد نہ صرف کانکنی کے شعبے میں انقلابی تبدیلی لانا ہے بلکہ بلوچستان کے عوام کو اس سے براہ راست فائدہ بقیہ نمبر 27 صفحہ 5 پر

پہنچانا ہے ریکوڈیک منصوبے سے بلوچستان کے لوگوں کو 25 فیصد حصہ ملے گا، جس میں ٹیکس اور رائلٹی بھی شامل ہوگی۔ اس 25 فیصد حصے میں سے 10 فیصد تمام شیئر ہولڈرز کے لیے مختص ہوگا، جبکہ باقی 15 فیصد وفاقی حکومت کے لیے ہوگا پاکستان میں ریکوڈیک کے پچھلے معاہدوں کی مالیات شیئرنگ فارمولے کے مقابلے میں یہ منصوبہ زیادہ فائدہ مند ہے اس منصوبے میں پاکستان کی 25 فیصد حصہ داری ہے اور اس میں وفاق اور صوبہ بلوچستان کی 50-50 کی شراکت داری ہے ریکوڈیک کے ذریعے دنیا کے سرمایہ کاروں کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کرنے کی ترغیب دی جائے گی اور اس منصوبے کو مزید وسعت دینے پر بھی غور کیا جارہا ہے۔ اس پروجیکٹ کا مقصد دنیا کے اس حصے میں ترقی کی ایک نئی راہ ہموار کرنا ہے ریکوڈیک میں تانبے کی ویلیو 82 فیصد تک ہے اور مائننگ کے دوران اس کا بہت بڑا حصہ بلوچستان کی معیشت کو فائدہ پہنچائے گا۔

# رات کو بلوچستان کے مختلف علاقوں میں ٹرین نہیں چلا سکتے، ریلوے حکام

## بھارت نے مقبوضہ کشمیر کے پہاڑوں پر ریلوے پہنچا دیا اور ہم میدان میں ریلوے نہیں چلا پا رہے ہیں

**انگریز جو ٹرین اور ٹریک ہمیں دے کر گئے، ہم اس کو بھی چلا نہیں سکے، احمد سلیم ممبر قومی اسمبلی کی ذیلی کمیٹی**

اسلام آباد (آئی این پی) ریلوے حکام نے قومی اسمبلی کی ذیلی قائمہ کمیٹی انکشاف کیا ہے کہ سیکیورٹی کے خدشات اتنے ہیں کہ رات کو بلوچستان کے مختلف علاقوں میں ٹرین نہیں چلا سکتے، بلوچستان کے لیے ریلوے کو بہت زیادہ انوسٹمنٹ درکار ہے۔ ریلوے حکام نے بتایا کہ کوئٹہ کے ٹریک پر فارن ڈائریکٹ انوسٹمنٹ چاہیے، روس سے پاکستان ریلوے کی کوئٹہ ٹریک پر بات چیت ہوئی ہے، روس کا کوئٹہ ریلوے ٹریک سے ماسکو تک ٹرین چلانے کا منصوبہ ہے، پاکستان اور روس اس معاملہ پر بات کررہے ہیں۔ رمیش لال کی سربراہی میں قومی اسمبلی کی سب قائمہ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس بقیہ نمبر 2 صفحہ 5 پر

میں ممبر کمیٹی احمد سلیم نے کہا کہ بھارت نے مقبوضہ کشمیر کے پہاڑوں پر ریلوے پہنچا دیا ہے اور ہم میدان میں ریلوے نہیں چلا پا رہے ہیں، ہماری سوچ سے زیادہ پاکستان کو لوٹا جارہا ہے، چیئرمین کمیٹی نے کہا انگریز جو ٹرین اور ٹریک ہمیں دے کر گئے، ہم اس کو بھی چلا نہیں سکے۔ ریلوے حکام نے یہ بھی بتایا کہ فیصل آباد میں ریلوے کا پلاٹ لاگت لگوانے کے لیے بھیجا ہے، اس کو کمرشل استعمال کے لیے دینا ہے، ملک کے دیگر شہروں میں بھی یہ کام جاری ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ ریلوے کی مارکیٹنگ کمپنی ریڈ یمکو ہے، کمیٹی نے اگلی میٹنگ میں ریڈ یمکو کی 13 سالہ کارکردگی پر بریفنگ طلب کی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 28 JAN 2025 Page No. 18


## دالبندین میں پاکستان اور پاک فوج کی حمایت میں تاریخی کار ریلی

### دالبندین کے لوگ محب وطن، ملک اور فوج سے بے پناہ محبت رکھتے ہیں، میر عبدالودود، اسفند یار خان

دالبندین (آئی این پی/نامہ نگار) دالبندین میں پاکستان اور پاک فوج کے حق میں ایک تاریخی کار ریلی نکالی گئی، جس کی قیادت ڈسٹرکٹ چیئرمین میر عبدالودود خان سنجرانی نے کی۔ یہ ریلی دالبندین کے علاقے داود آباد سنجرانی ہاؤس سے شروع ہوئی اور مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی واپس مغربی بائی پاس پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق، چاغی کے ہیڈکوارٹر دالبندین سے اس تاریخی کار ریلی کا آغاز ہوا، جس میں بڑی تعداد میں شہریوں نے شرکت کی۔ شرکا نے اپنے گاڑیوں میں پاکستانی پرچم لگائے ہوئے تھے اور پاک فوج اور پاکستان کے حق میں نعرے لگائے۔ ریلی کے دوران پولیس کے جوان سیکورٹی کے لیے تعینات تھے۔ اس ریلی میں دو سو میٹر طویل قومی پرچم بھی اٹھایا گیا۔ کار ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ چیئرمین میر عبدالودود خان سنجرانی، وائس چیئرمین میر اسفند یار خان یار محمد زئی نے کہا سابق چیئرمین سینٹ اور ایم پی اے چاغی صادق خان سنجرانی، بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما اور سابق مشیر میر اعجاز خان سنجرانی کی ہدایت پر نکالی گئی ہے انہوں نے کہا کہ آج کی اس ریلی میں لوگوں کی شرکت نے یہ واضح کر دیا کہ دالبندین کے لوگ محب وطن ہیں اور وہ اپنے ملک اور فوج سے بے پناہ محبت رکھتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ دالبندین ضلع چاغی ایک پرامن ضلع ہے، اور یہاں کے قبائلی عمائدین اور شہریوں نے ہمیشہ پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر اپنے عزم کا اظہار کیا ہے۔ اس ریلی میں شرکت کر کے عوام نے یہ پیغام دیا کہ وہ کسی بھی ریاستی مخالف بیانیہ کی حمایت نہیں کرتے۔ ڈسٹرکٹ چیئرمین اور وائس چیئرمین نے آخر میں ریلی میں شریک تمام افراد کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اتنی بڑی تعداد میں مختصر وقت میں شرکت کر کے شرکا نے اپنے ملک کے ساتھ اپنی محبت کا بھرپور اظہار کیا۔ ریلی شرکا نے پاکستان اور پاک فوج کے حق میں نعرے بھی لگائے۔

CamScanner

# قلعہ عبداللہ: سیکورٹی فورسز کے ہیڈ کوارٹر پر حملہ ناکام، دو دہشتگرد ہلاک

**چھ اہلکار زخمی ہوگئے، کوئٹہ سے مزید نفری پہنچ گئی، فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لیکر سرچ آپریشن شروع کردیا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) قلعہ عبداللہ میں سیکورٹی فورسز کے ہیڈ کوارٹر پر دہشتگردوں کا حملہ کی کوشش ناکام، فائرنگ کے تبادلے میں دو دہشتگرد ہلاک جبکہ چھ اہلکار زخمی ہوگئے، رات گئے تک سیکورٹی فورسز کا رات گئے تک سرچ آپریشن جاری رہا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق قلعہ عبداللہ کے علاقے گلستان میں سیکورٹی فورسز کے ہیڈ کوارٹر پر گزشتہ شب دہشتگردوں نے حملہ کرنے کی کوشش کی تاہم سیکورٹی فورسز کے جوانوں نے دہشتگردوں کا حملہ ناکام بناتے ہوئے جوابی کارروائی کی جس کے نتیجے میں دو دہشتگرد ہلاک جبکہ چھ اہلکار زخمی ہوئے۔ ذرائع نے بتلایا ہے کہ سیکورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لیکر سرچ آپریشن شروع کردیا ہے جو رات گئے تک جاری رہا واقعہ کے بعد کوئٹہ سے مزید نفری قلعہ عبداللہ پہنچ گئی۔

## کوسٹ گارڈز نے جیوانی کے پہاڑی علاقے سے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کرلی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوسٹ گارڈز نے جیوانی کے پہاڑی علاقے سے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کرلی تاہم کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی کوسٹ گارڈز ذرائع کے مطابق کوسٹ گارڈز کے اعلیٰ حکام کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ منشیات اسمگلروں نے جیوانی کے پہاڑی علاقے میں منشیات جمع کر رکھی ہے اور اسے اندرون و بیرون ملک اسمگل کرنے کی کوشش کی جائے گی جس پر جس پر کوسٹ گارڈز کی ٹیم کو کارروائی کی ہدایت کی جس نے گزشتہ روز جیوانی کے پہاڑی علاقے میں چھپائے گئے 40 عدد پلاسٹک کے کینوں سے 1832 کلوگرام اعلیٰ کوالٹی کی چرس برآمد کر کے قبضے میں لے لی۔ پکڑی جانے والی منشیات کی عالمی مارکیٹ میں مالیت 57.30 ملین ڈالر بتائی جاتی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## خضدار کسٹم کلیکٹریٹ کے عملے کی کارروائی، 166 کلوگرام چرس برآمد

**2 ملزمان کو گرفتار کر کے ٹرک تحویل میں لے لیا منشیات اندرون ملک سمگل کی جارہی تھی**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) خضدار کسٹم کلیکٹریٹ کے عملے نے کوکیزا چیک پوسٹ پر منشیات سمگل کرنے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے کروڑوں روپے مالیت کی چرس برآمد کر کے ٹرک قبضے میں لیکر 2 افراد کو گرفتار کرلیا تفصیلات کے مطابق کلیکٹریٹ خضدار کے عملے نے وندر کوکیزا چیک پوسٹ پر کسٹم انفورسمنٹ کے عملے نے کارروائی کرتے ہوئے انسپ

بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

شہزاد خان کی سربراہی میں کارروائی کرتے ہوئے ایک ٹرک کو روک کر چیک کیا تو اس کے خفیہ خانوں میں چھپائی گئی 166 کلوگرام اعلیٰ کوالٹی کی چرس برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کر کے ٹرک تحویل میں لے لیا منشیات اندرون ملک سمگل کی جارہی تھی مزید کارروائی خضدار کسٹم کا عملہ کر رہا ہے۔

Century Express Quetta

## تربت میں فائرنگ سے لیویز اہلکار جاں بحق

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) تربت میں نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کر کے لیویز اہلکار کو قتل کردیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز تربت میں نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کر کے لیویز اہلکار غلام جان کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے نعش ضروری کاروائی کے بعد ورثا کے حوالے کردی گئی مزید کاروائی تربت انتظامیہ کر رہی ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## مسلح افراد کار اور 10 لاکھ روپے لوٹ کر فرار

حب (نمائندہ انتخاب) وندر کا شہری حب میں لُٹ گیا قومی شاہراہ پر بھوانی کے مقام پر واردات میں نامعلوم مسلح افراد وندر کے شہری دوست محمد فقیر سے گن پوائنٹ پر قیمتی گرینڈی کار اور 10 لاکھ روپے لوٹ کر فرار ہو گئے متاثرہ شہری رپورٹ درج کرانے بائیٹ تھانہ پہنچ گیا پولیس کے مطابق رپورٹ کر کے واقعہ کی تحقیقات شروع کردی گئی ہے۔

## تحصیل تمبو میں نامعلوم افراد موٹر سائیکلیں بکریاں اور نقدی چوری کر کے فرار

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) تحصیل تمبو کے علاقے میں چار مختلف مقامات سے نامعلوم چوروں نے تین موٹر سائیکل دو عدد بکریاں ہزاروں روپے نقدی چوری کر کے فرار ہوگئے تفصیلات کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی پولیس تھانہ منجھو شوری کے حدود گوٹھ محمد علی زہری میں نامعلوم چوروں نے غلام نبی کے گھر میں داخل ہو کر ایک عدد موٹر سائیکل سمیت بکری چوری

بقیہ نمبر 37 صفحہ 5 پر

کرلی جبکہ دوسری واقعات منجھو شوری تھانہ حدود باری شاخ نزدیک نامعلوم چور نے گھر میں داخل ہو کر ایک عدد بکری چوری کرلی اور پولیس تھانہ خان کوٹ کے حدود گوٹھ علی محمد جک میں نامعلوم چور نے عبدالستار جک کے گھر سے موٹر سائیکل چوری کرلیا گیا جبکہ دوسری چوری پولیس تھانہ خان کوٹ حدود نامعلوم افراد نا سلحہ کیز ور پر دن دہاڑے عبداللطف سے بھی موٹر سائیکل موبائل فون نقد رقم چھین کر فرار ہو گئے۔

CamScanner

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 28 JAN 2025 Page No. 20

# شیخ زید ہسپتال سریاب میں عرصہ دراز سے ادویات کی قلت، مریض رل گئے

ہسپتال کے ایمرجنسی وارڈز اور دیگر شعبوں میں داخل مریض ادویات کی عدم دستیابی کے سبب پریشان، ہسپتال میں ادویات کے بحران کے باوجود انتظامیہ اپنی شاہ خرچیوں میں مصروف

رنگ و روغن اور دیگر غیر ضروری کاموں کے نام پر کروڑوں روپے خرچ کیے جا رہے ہیں، مریضوں کے لیے ادویات کا بندوبست کرنے کی کوئی سنجیدہ کوشش نہیں کی جا رہی، عوامی حلقے

کوئٹہ (یو این اے) شیخ زید اسپتال سریاب میں عرصہ دراز سے ادویات کی قلت کے باعث مریض سخت مشکلات کا شکار ہیں۔ اسپتال کے ایمرجنسی وارڈز اور دیگر شعبوں میں داخل مریض ادویات کی عدم دستیابی کے سبب پریشان ہیں، جبکہ دور دراز سے آنے والے غریب مریض مایوسی کے عالم میں واپس لوٹنے پر مجبور ہیں۔ عوامی حلقوں نے اسپتال انتظامیہ کی بے حسی پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک جانب اسپتال میں ادویات کا بحران ہے، تو دوسری جانب انتظامیہ اپنی شاہ خرچیوں میں مصروف ہے۔ اسپتال میں رنگ و روغن اور دیگر غیر ضروری کاموں کے نام پر کروڑوں روپے خرچ کیے جا رہے ہیں، لیکن مریضوں کے لیے ادویات کا بندوبست کرنے کی بقیہ 4 صفحہ 5 پر

کوئی سنجیدہ کوشش نہیں کی جا رہی۔ عوامی حلقوں نے صوبائی وزیر صحت اور دیگر اعلیٰ حکام سے اپیل کی ہے کہ وہ شیخ زید اسپتال سریاب کی انتظامیہ کے رویے کا فوری نوٹس لیں اور اسپتال میں ادویات کی قلت کو ختم کرنے کے لیے فوری اقدامات کریں تاکہ مریضوں کو علاج کی سہولت مہیا ہو سکے۔

MASHRIQ QUETTA

# ٹماٹر، آلو، پیاز اور عام استعمال کی سبزیوں کو پر لگ گئے، خریدار پریشان

کدو 120 روپے، توری 200 روپے، کریلا 160 روپے، فراز بین 150 روپے فی کلو فروخت

اتوار بازار کے نام پر ہفتہ وار خریداری کرنیوالوں کی جیبیں خالی کرائی جارہی ہیں، پھلوں کے ریٹ ڈبل

خوردنی آئل، چینی، مصالحہ جات، دال، چاول کی قیمتیں بڑھا دی گئیں، پرائس کنٹرول والے کہاں ہیں، شہری

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں مہنگائی عروج پر پہنچ چکی ہے اشیاء خورد و نوش، پھل سبزیاں و دیگر ضرورت کا سامان لوگوں کی پہنچ سے دور ہوتا جارہا ہے دکانداروں، سبزی، دودھ، گوشت فروشوں نے اپنی مرضی کے نرخ مقرر کئے ہیں پوچھنے والا کوئی نہیں ادارے صرف دفتر میں کاغذی کارروائی تک محدود ہو کر رہ گئے ہیں آئے روز حکومت کی جانب سے مہنگائی کے بیانات ........ بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

تو دیے جاتے ہیں لیکن زمینی حقائق اس کے برعکس دکھائی دیتے ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ حکومتی دعوے اور بیانات صرف شوشہ ہے آئے روز مہنگائی کم ہونے کی بجائے تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ دیہاڑی دار اور متوسط طبقے دو وقت کی روٹی کے محتاج ہو کر رہ گئے ہیں۔ ٹماٹر 80 سے 100 روپے، آلو 120 سے 150 روپے فی کلو، پیاز 70 سے 120 روپے، لہسن 650 روپے، ادرک 550 روپے، پھول گوبھی 100 روپے، بند گوبھی 90 سے 100 روپے، مٹر 250 سے 300 روپے، کدو 120 روپے، توری 200 روپے، کریلا 160 روپے، فراز بین 150 روپے فی کلو کے حساب سے فروخت ہو رہا ہے۔

INTEKHAB QUETTA

# بلوچستان کے مال مویشی ایران اور افغانستان میں فروخت ہونے لگے

پڑوسی ممالک بارڈر کے ذریعے مویشیوں کی اسمگلنگ کے باعث ملک میں گوشت کی قیمت آسمان پر پہنچ گئی

گوشت غریب کی پہنچ سے دور ہو گیا، حکومت بارڈر پر سیکورٹی سخت بنائے، عوامی حلقوں کا مطالبہ

اوستہ محمد (آن لائن) بلوچستان کے راستوں سے مال مویشی افغانستان اور ایران فروخت ہونے لگے بلوچستان سمیت ملک بھر میں گوشت مہنگا ہو گیا غریبوں کو گوشت سے بھی محروم کر دیا گیا۔ بارڈر پر کیا رکھوالی ہو رہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایک رپورٹ کے مطابق بلوچستان سمیت ملک بقیہ نمبر 33 صفحہ 5 پر

بھر میں گوشت بھی غریبوں کے لیے مہنگا کر دیا گیا افسوس اس امر کی ہے کہ اس وقت ہمارے باڈرہ کے رکھوالے با آسانی بلوچستان سے مال مویشی افغانستان اور ایران جاتا ہے جس میں بیل گائے بکری اونٹ مرغے سے بیرون ملک جاتے ہیں لیکن اپنے ملک میں جانوروں کی کمی سے گوشت بہت مہنگا ہو گیا ہے عوامی حلقوں نے حکومت اے مطالبہ کیا کہ باڈرہ پر سختی کرکے مال مویشیوں کو باہر جانے نہ دیا جائے تاکہ اپنے ملک کے لیے مسئلے پیدا نہ ہو سکیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 28 JAN 2025 Page No. 21

# Theft of Quranic manuscripts

The recent theft of approximately 120 Quranic manuscripts from the Jabal Noor-ul-Quran in Quetta a serious crime that saddened the masses. This act of violation, targeting ancient and invaluable copies of the Quran, has deeply wounded the sentiments of the people of Balochistan. Jabal Noor-ul-Quran, a sanctuary carved into a mountain, was meticulously designed to safeguard these priceless artifacts. That such a secure facility could be breached highlights a serious security lapse and raises concerns about the safety of cultural and religious treasures across the province. The audacity of the thieves, who infiltrated the gallery in the dead of night and methodically broke into cabinets to steal these sacred texts, is appalling. This incident underscores a profound disrespect for religious values and a blatant disregard for the cultural heritage of the region. The recovery of these stolen manuscripts is not merely a matter of law and order; it is a moral imperative. The government and law enforcement agencies must deploy all available resources to apprehend the culprits and bring them to justice. Furthermore, stringent measures must be put in place to enhance the security of religious and cultural institutions across Balochistan. This incident serves as a stark reminder of the importance of preserving our cultural heritage. These Quranic manuscripts are not just religious artifacts; they are invaluable historical documents that offer insights into the history of Islam and the region. Their loss is an irreplaceable blow to our collective cultural memory. Beyond the immediate recovery efforts, this incident necessitates a comprehensive review of security protocols at all religious and cultural sites across the province. Investing in advanced security systems, increasing surveillance, and strengthening the capacity of law enforcement agencies to respond to such incidents are crucial steps. The people of Balochistan, known for their deep reverence for Islam, are deeply disturbed by this act of desecration. The government must respond decisively to this grave offense and reassure the public that the safety and security of religious and cultural treasures are paramount. The theft of Quranic manuscripts from Jabal Noor-ul-Quran is a deeply disturbing act that demands a strong and decisive response. The government must prioritize the recovery of these priceless artifacts and take concrete steps to enhance the security of religious and cultural institutions across Balochistan. This incident should serve as a wake-up call to safeguard our cultural heritage and ensure that such acts of desecration are never repeated.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily:

Bullet No. 6 Date 28 JAN 2025 Page No. 22


## بلوچستان کے نوجوان اوران کا مستقبل

**صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران**

سی پیک گیم چینجر ہے اور بلوچستان کی ترقی سی پیک سے منسوب ہیں لیکن گزشتہ چند عرصے نام نہاد کالعدم تنظیم اوران کے سہولت کار بلوچستان میں جگہ جگہ دھرنے دے کر اس معاملے کو سبوتاژ کرنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں .بلوچستان بے پناہ صلاحیتوں کی سرزمین ہے اور قدرتی وسائل کا گہوارہ ہیاس کے باوجود، گزشتہ کئی دہائیوں سے بلوچستان کو چیلنجوں کا سامنا ہے جس کو ہمارے ادارے اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے اسے اپنی پوری صلاحیت سے روک دیا ہے۔ آج کے دور میں سب سے زیادہ پریشان کن مسائل میں سے بعض افراد اور گروہوں کا منفی اثر ورسوخ ہے جو اپنے حقوق کے لیے لڑنے کے بہانےنوجوانوں خصوصا طلبہ کو گمراہ کرتے ہیں ان افراد میں، مہرنگ بلوچ ایک نمایاں شخصیت کے طور پر سامنے ہیں جو صوبے کو غیر مستحکم کرنے والے بیانیے کو پھیلانے میں سرگرم عمل ہیں۔ اس کی بیان بازی نوجوان ذہنوں کو بھلے ہی دلکش لگتی ہو، لیکن اس کے دعوؤں کے پیچھے بیرونی فنڈنگ ؟؟ اور ریاست مخالف مقاصد سے چلنے والا ایجنڈا ہے۔ وہ جن تنظیموں کی نمائندگی کرتی ہیں وہ بلوچ نوجوانوں کی بہتری کے لیے کام نہیں کر رہی ہیں۔ اس کے بجائے، وہ انہیں نقصان دہ سرگرمیوں میں لے جا رہے ہیں، یہ گروہ نوجوانوں کی مایوسیوں کا فائدہ اٹھاتے ہیں اور انہیں پروپیگنڈے کے جال میں پھنساتے ہیں، بالآخر انہیں ایسے مقاصد کے لیے استعمال کرتے ہیں جو کے غیر ملکی حمایتیوں کے سوا کسی کی خدمت نہیں کرتے۔ ہمیں یہ دیکھنا اور سوچنا ہوگا کہ پنجاب اور وفاقی دارالحکومت میں ہمارے بلوچستان کے بچے زیر تعلیم ہیں اور انہیں اور ان کے والدین کو پتا ہے کہ تعلیم سب سے بڑی طاقت ہے اور تعلیم سے بلوچستان میں جدت، ترقی لا سکتے ہیں اور ان غلط بیانیوں اور تفرقہ انگیز نظریات کی جانب توجہ نہ دی جائے تاکہ جو بلوچستان کے نوجوان کو اپنے تعلیمی مقاصد سے ہٹانے کی ناکام کوشش کی جارہی ہیں اس کو تقویت نہ ملے اور مزید نوجوان نام نہاد کارکنوں کے جال میں نہ پھنسے بلکہ ان باصلاحیت افراد کی بلوچستان کی ترقی کے لیے اشد ضرورت ہے۔ بلوچستان کے طلباء غیر پیداواری اور ریاست مخالف سرگرمیوں میں ملوث ہونے کے بجائے اپنی تعلیم کو بلوچستان کا نام روشن کرنے پر توجہ دیں۔ اور مثبت کوششوں میں حصہ لیں، اور اپنے آبائی صوبے میں تعاون کرنے کے طریقوں کے بارے میں سوچیں۔ تبدیلی لانے کے لاتعداد طریقے ہیں، اور تعلیم سب سے طاقتور ذریعہ ہے جو آپ کے اختیار میں ہے۔ جبکہ حکومت بلوچستان نوجوانوں کے لیے مواقع پیدا کرنے کے لیے اہم اقدامات کر رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ یوتھ سکلز ڈویلپمنٹ پروگرام اور حال ہی میں منظور شدہ بلوچستان یوتھ پالیسی 2024 جیسے اقدامات کا مقصد نوجوانوں کو بااختیار بنانا اور ان کی کامیابی کے لیے راستے بنانا ہے۔ توجہ مہارتوں کی تعمیر، کاروباری صلاحیت کو فروغ دینے اور اس بات کو یقینی بنانے پر ہے کہ ہر نوجوان کو بامعنی طریقوں سے معیشت اور معاشرے میں اپنا حصہ ڈالنے کا موقع ملے انہوں نے کہا کہ آپ بلوچستان کا مستقبل ہیں۔ اپنی تعلیم پر توجہ مرکوز رکھ کر اور مہرنگ بلوچ جیسے افراد کے تفرقہ انگیز اور تباہ کن ایجنڈوں کو مسترد کر کے، آپ اپنے خاندانوں اور برادریوں کے لیے امید کی کرن بن سکتے ہیں۔ ہم مل کر ایک ایسے بلوچستان کے لیے کام کر سکتے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 28 JAN 2025 Page No. 23

# بلوچستان کے نوجوان اوران کا مستقبل

پاک چین اقتصادی راہداری کا عظیم الشان منصوبہ سی پیک ایک گیم چینجر منصوبہ ہے جس سے بلوچستان کی ترقی منسوب ہے مگر المیہ ہے کہ گزشتہ کچھ عرصے سے ایک نام نہاد تنظیم اور ان کے سہولت کار بلوچستان میں جگہ جگہ دھرنے دے کر اس معاملے کو سبوتاژ کرنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں۔ بلوچستان بے پناہ صلاحیتوں کی حامل سرزمین اور قدرتی وسائل کا گھر ہے اس کے

تحریر: سردار عبدالرحمان کھیتران

باوجود، گزشتہ کئی دہائیوں سے بلوچستان کو چیلنجوں کا سامنا ہے جس کو ہمارے قانون نافذ کرنے والے اداروں نے اسے اپنی پوری صلاحیت سے روک دیا ہے۔ آج کے دور میں سب سے زیادہ پریشان کن مسائل میں سے بعض افراد اور گروہوں کا منفی اثر و رسوخ ہے جو اپنے حقوق کے لیے لڑنے کے بہانے نوجوانوں خصوصاً طلبہ کو گمراہ کرتے ہیں۔ ان افراد میں، مہرنگ بلوچ بھی شامل ہیں بھلے ان کی بیان بازی نوجوان ذہنوں کو دلکش لگتی ہو لیکن اس کے دعوؤں کے پیچھے بیرونی فنڈنگ اور ریاست مخالف مقاصد سے چلنے والا ایجنڈا ہے۔ وہ جن تنظیموں کی نمائندگی کرتی ہیں وہ بلوچ نوجوانوں کی بہتری کے لیے کام نہیں کر رہی ہیں۔ اس کے بجائے، وہ انہیں نقصان دہ سرگرمیوں میں لے جا رہے ہیں، یہ گروہ نوجوانوں کی مایوسیوں کا فائدہ اٹھاتے ہیں اور انہیں پروپیگنڈے کے جال میں پھنساتے ہیں، بالآخر انہیں ایسے مقاصد کے لیے استعمال کرتے ہیں جو کہ غیر ملکی حمایتیوں کے سوا کسی کی خدمت نہیں کرتے۔ ہمیں یہ دیکھنا اور سوچنا ہوگا کہ پنجاب اور وفاقی دارالحکومت میں ہمارے بلوچستان کے بچے زیر تعلیم ہیں اور انہیں اور ان کے والدین کو پتا ہے کہ تعلیم سب سے بڑی طاقت ہے اور تعلیم سے بلوچستان میں جدت، ترقی لا سکتے ہیں اور ان غلط بیانیوں اور تفرقہ انگیز نظریات کی جانب توجہ نہ دی جائے تاکہ جو بلوچستان کے نوجوان کو اپنے تعلیمی مقاصد سے ہٹانے کی ناکام کوشش کی جا رہی ہیں اس کو تقویت نہ ملے اور مزید نوجوان نام نہاد کارکنوں کے جال میں نہ پھنسے بلکہ ان باصلاحیت افراد کی بلوچستان کی ترقی کے لیے اشد ضرورت ہے۔ بلوچستان کے طلباء غیر پیداواری اور ریاست مخالف سرگرمیوں میں ملوث ہونے کے بجائے اپنی تعلیم کو بلوچستان کا نام روشن کرنے پر توجہ دیں۔ اور مثبت کوششوں میں حصہ لیں، اور اپنے آبائی صوبے میں تعاون کرنے کے طریقوں کے بارے میں سوچیں۔ تبدیلی لانے کے لاتعداد طریقے ہیں، اور تعلیم سب سے طاقتور ذریعہ ہے جو آپ کے اختیار میں ہے۔ جبکہ حکومت بلوچستان نوجوانوں کے لیے مواقع پیدا کرنے کے لیے اہم اقدامات کر رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ یوتھ سکلز ڈویلپمنٹ پروگرام اور حال ہی میں منظور شدہ بلوچستان یوتھ پالیسی 2024 جیسے اقدامات کا مقصد نوجوانوں کو بااختیار بنانا اور ان کی کامیابی کے لیے راستے بنانا ہے۔ توجہ مہارتوں کی تعمیر، کاروباری صلاحیت کو فروغ دینے اور اس بات کو یقینی بنانے پر ہے کہ ہر نوجوان کو بامعنی طریقوں سے معیشت اور معاشرے میں اپنا حصہ ڈالنے کا موقع ملے نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ اپنی تعلیم پر توجہ دیں اور تفرقہ انگیز اور تباہ کن ایجنڈوں کو مسترد کر کے، آپ اپنے خاندانوں اور برادریوں کے لیے امید کی کرن بن سکتے ہیں۔ ہم مل کر ایک ایسے بلوچستان کے لیے کام کر سکتے ہیں جو نہ صرف قدرتی وسائل سے مالا مال ہو بلکہ انسانی صلاحیتوں اور اختراعات سے بھی مالا مال ہو۔ تاکہ ہم اپنے پیارے صوبے میں ترقی، اتحاد اور خوشحالی کی راہ ہموار کریں۔

CamScanner

CLIPPI G SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. 6

Dated: 28 JAN 2025 Page No. 24

# بلوچستان: تصویر کا تیسرا رخ

بلوچستان میں کیا ہو رہا ہے؟ اس پر تو بڑی حد تک، اطراف کی آراء سامنے آتی رہتی ہیں لیکن اس نکتے پر کم ہی بات ہوتی ہے کہ بلوچستان میں یہ کیوں ہو رہا ہے۔ (بلکہ یوں کہیے کہ پاکستان میں یہ کیوں ہو رہا ہے)۔ یروشلم سٹریٹیجک ٹریبیون کے تازہ شمارے میں شاید اسی 'کیوں' کا جواب موجود ہے۔

یورشلم سٹریٹیجک ٹریبیون کے شمارے کی ورق گردانی کرتے ہوئے نظریں اس فقرے پر آ کر اٹک گئیں کہ وہ وقت قریب ہے جب دنیا میں دولت کے اعتبار سے پاکستان کا مقام وہی ہو گا جو آج سعودی عرب کا ہے۔ دلچسپ بات تھی، پڑھنے والا وہیں رک گیا۔

یروشلم سٹریٹیجک ٹریبیون اسرائیل اور امریکہ کے مشترکہ تزویراتی معاملات کو اپنا موضوع بناتا ہے اور اس کے مطالعے سے یہ پتا چلتا ہے کہ امریکہ اور اسرائیل کے مشترکہ مفادات کیا صورت گری اختیار کر رہے ہیں۔ ویسے تو جریدے کا نام ہی کافی تھا لیکن پھر بھی یہ خیال آیا کہ مضمون پڑھنے سے پہلے دیکھ لینا چاہیے اس کا مصنف کون ہے۔ واقعی کوئی معقول آدمی ہے یا نرا سنیر تجزیہ کار ہی ہے؟




لکھاری کا نام ہے ڈینئل رنڈے ہے۔ موصوف کا تعلق ڈونلڈ ٹرمپ کی سیاسی جماعت سے ہے۔ ہارورڈ یونیورسٹی سے فارغ التحصیل ہیں۔ واشنگٹن میں قائم تھنک ٹینک، سنٹر فار سٹریٹیجک اینڈ انٹرنیشنل سٹڈیز کے سینئر نائب صدر ہیں اور The American Imperative: Reclaiming Global Leadership through Soft Power کے مصنف ہیں۔ یعنی آپ چائے کا کپ تھام کر، دھوپ میں بیٹھ کر یہ تحریر پڑھ سکتے ہیں۔

ٹرمپ کے آنے پر، جتنے بھی تجزیہ کاروں کی تحریر پڑھی، ان سب میں اس بات پر قریب قریب اتفاق تھا کہ امریکہ کے لیے پاکستان کی تزویراتی اہمیت بہت کم ہو چکی ہے اور ٹرمپ کے ترجیحی معاملات میں پاکستان کہیں نہیں ہے۔ ڈینئل رنڈے کا موقف اس سے بالکل مختلف ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ امریکہ کے مفادات کا تقاضا ہے کہ پاکستان کو ترجیحی بنیادوں پر دیکھے۔ اس کی وجوہات کا ایک مختصر ترین خلاصہ میں آپ کے سامنے رکھ دیتا ہوں۔

1۔ امریکہ کی عسکری ضروریات بدل رہی ہیں۔ اب تک اس کا بڑا انحصار پٹرول پر تھا جو اب نہیں رہے گا۔ ٹیسلا سے مل کر یہ 2027 تک ہزاروں الیکٹرک گاڑیاں فوج کو دینے جا رہا ہے۔ یہ چیز یہاں تک محدود نہیں رہے گی۔ الیکٹرک گاڑیوں کا رجحان بڑھے گا۔ نہ صرف الیکٹرک گاڑیوں کے لیے بلکہ ڈرون، روبوٹ اور دیگر انرجی ویپنز کے لیے امریکہ کو ان دھاتوں کی ضرورت ہو گی جو بیٹریوں میں استعمال ہوتی ہیں جیسے لیتھیم، کوبالٹ اور کاپر۔ امریکہ کی نیشنل سیکیورٹی کی ترجیح ہو گی کہ ان دھاتوں کا حصول یقینی بنائے۔

2۔ امریکہ ان کا حصول کیسے ممکن بنائے گا؟ اس سپلائی چین پر تو پہلے ہی سے چین کا تسلط قائم ہو چکا ہے۔ دنیا کا 68 فی صد نکل، 40 فی صد کاپر، 59 فی صد لیتھیم، اور 73 فیصد کوبالٹ چین ریفائن کر رہا ہے۔ چین تو اس سب کے حصول کے لیے ایشیا سے آگے لاطینی امریکہ اور افریقہ تک امکانات کی دنیا آباد کر چکا ہے۔ اس سے امریکہ کی قومی سلامتی کو خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔ ایسے میں امریکہ کہاں کھڑا ہو گا اور اس کی ضروریات کیسے پوری ہوں گی؟

3۔ پھر وہ لکھتا ہے کہ اس سوال کا جواب ہے: پاکستان۔ امریکہ کی ضروریات پاکستان سے پوری ہو سکتی ہیں۔ پاکستان کے پاس کاپر کا دنیا کا پانچواں سب سے بڑا ذخیرہ ہے۔ ریکوڈک میں ابھی تک محفوظ کاپر اور سونے کی مالیت 1 ٹریلین ڈالر ہے۔ (ملین نہیں جناب، ٹریلین یعنی 1,000,000,000,000 ڈالر)۔ کاپر اور سونے کے ذخائر صرف ریکوڈک میں ہی نہیں، گلگت، ہمالیہ، قراقرم اور ہندوکش کے بعض مقامات پر بھی ہیں۔ پاکستان چند سالوں میں ان وسائل کی دولت کے اعتبار سے وہاں ہو گا جہاں آج پٹرول والا سعودی عرب ہے۔

4۔ امریکہ کو ریکوڈک کے ملحقہ علاقوں میں سرمایہ کاری کرنی چاہیے۔ یہ اس کی قومی سلامتی سے جڑے مفادات کا تقاضا ہے۔ اس وقت کاپر سملٹنگ پراسس میں چین بہت آگے ہے، ریکوڈک کا کاپر بھی پراسسنگ کے لیے چین لے جاتا ہے۔ چین کو روکنا ہو گا۔ یہ سہولت پاکستان کو فراہم کی جائے تو پراسسنگ کے بعد اسے گوادر سے براہ راست امریکہ لے جایا جا سکتا ہے۔ لیکن گوادر بندرگاہ بھی چین کے اثر و رسوخ میں ہے۔

5۔ پھر وہ بتاتا ہے کہ پاکستان کا قرض بہت بڑھ گیا ہے۔ وہ آئی ایم ایف کا پانچواں بڑا مقروض ہے۔ اسے سمجھایا جا سکتا ہے کہ امریکہ اگر اس میدان میں سرمایہ کاری کرے تو اس کے کچھ مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ وہ بے چارہ چینی قرض میں بھی پھنسا پڑا ہے۔

6۔ اس کے بعد وہ چین کے خلاف فرد جرم مرتب کرتا ہے کہ اس نے بلوچستان کی بہتری کے لیے کچھ نہیں کیا۔ ایک سکول تک نہیں کھولا۔ امریکہ اور یورپ کو مل کر کام کرنا چاہیے اور پھر یہاں عوام کو مطمئن کرنے کے لیے بھی کچھ کیا جانا چاہیے، وغیرہ۔ امریکہ کو بلوچستان میں قونصل خانہ بھی کھولنا چاہیے۔ (قابل غور)۔

7۔ ایک اہم [illegible] بلوچستان میں اس وقت سیاسی عدم [illegible] یہ سیاسی استحکام [illegible] امریکہ استحکام [illegible] سادگی دیکھیے اور اتفاقات اور حسن اتفاقات کی ترتیب کے غم دیکھتے جائیے)۔ غور فرمائیے، پاکستان میں سیاسی عدم استحکام کی کیا شرح بیان کی گئی ہے اور اس کے حل کا کیا فارمولا بیان کیا گیا ہے۔ تھوڑے کہے کو بہت جانیے اور ڈاٹ خود ملا لیجیے۔ امریکہ کی مان لیجیے، سیاسی عدم استحکام بھی حل ہو جائے گا، ورنہ یہ سیاسی عدم استحکام تو معیشت کے لیے بڑا نقصان دہ ہوتا ہے۔ (ہیں جی؟)

اگر پاکستانی وسائل پر اتنی گہری نظر ہے تو کیا بلوچستان کسی ایسی ہی پراکسی کا میدان جنگ تو نہیں بن چکا؟ ظاہر ہے چین کا اثر و رسوخ تو ایک آنکھ نہیں بھا رہا۔ پاکستان کو اس کے ساتھ کیسے جانے دیا جائے۔ یہ تو امریکہ کی قومی سلامتی کا مسئلہ ہے۔

چین کو چھوڑ کر امریکہ کی طرف جانے کے فوائد تو وہ گنوا چکے: امریکہ قرض بھی دے گا، سکول بھی کھولے گا، اور پھر پاکستان میں جاری سیاسی عدم استحکام بھی تو وہ ختم کر سکتا ہے۔ (ظاہر ہے بڑھا بھی سکتا ہو گا، حسب ضرورت)۔

☆☆☆☆☆

# بلوچستان کی صورتحال اور بیرونی عوامل



سچ تو یہ ہے

☆☆☆

محمد خان ابڑو

بلوچستان پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے جو ملک کے کل رقبے کا 44 فیصد سے زیادہ ہے، لیکن آبادی کے لحاظ سے یہ پاکستان کا سب سے چھوٹا صوبہ ہے۔ قدرتی وسائل سے مالا مال ہونے کے باوجود یہ خطہ طویل عرصے سے بدامنی، شورش اور علیحدگی پسند تحریکوں کا شکار ہے۔ بلوچستان کی اس صورتحال میں بیرونی عوامل نے اہم کردار ادا کیا ہے، جن میں بھارت کی مداخلت سب سے زیادہ نمایاں ہے۔ پاکستان اور بھارت کے تعلقات کی تاریخ ہمیشہ کشیدہ رہی ہے اور بھارت کی جانب سے بلوچستان میں عدم استحکام پیدا کرنے کے الزامات ان کشیدگیوں کا حصہ ہیں۔ پاکستان کا موقف ہے کہ بھارت بلوچستان میں علیحدگی پسند تحریکوں کو مدد فراہم کر رہا ہے تاکہ پاکستان کے اس اہم علاقے کو غیر مستحکم کیا جا سکے۔ 2016ء میں بھارتی جاسوس کلبھوشن یادیو کی گرفتاری اس دعوے کا سب سے بڑا ثبوت ہے۔ یادیو نے اعتراف کیا کہ وہ بھارتی خفیہ ایجنسی "را" کا افسر ہے اور بلوچستان اور کراچی میں دہشت گردی کی منصوبہ بندی میں ملوث رہا ہے۔ اس اعتراف نے بھارت کے انکار کے باوجود بین الاقوامی سطح پر کئی سوالات اٹھائے۔ یادیو کا بیان بلوچستان میں بھارت کی مبینہ مداخلت کی واضح مثال ہے، جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ بھارت پاکستان کے اندرونی معاملات میں خلل ڈال رہا ہے۔ بلوچستان میں شورش کا آغاز آزادی کے فوراً بعد ہوا، جب کچھ بلوچ سرداروں نے علیحدہ ریاست کا مطالبہ کیا۔ وقت کے ساتھ یہ تحریکیں مختلف ادوار میں شدت اختیار کرتی گئیں، اور ان میں بیرونی مداخلت کا عنصر بھی شامل ہوتا گیا۔ 1970 کی دہائی میں بھی بھارت پر الزام عائد کیا گیا کہ اس نے بلوچ باغیوں کو ہتھیار اور مالی امداد فراہم کی۔ اس وقت بھارت نے عراق کے ساتھ مل کر بلوچستان میں ایران اور پاکستان کے اثر و رسوخ کو کمزور کرنے کی کوشش کی تھی۔ موجودہ دور میں، بھارتی حکومت کی جانب سے بلوچ علیحدگی پسندوں کی حمایت کے کئی شواہد سامنے آ چکے ہیں، جن میں مالی مدد اور تربیت کی فراہمی شامل ہیں۔ بلوچستان سی پیک منصوبے کا اہم حصہ ہے، اور گوادر بندرگاہ اس منصوبے کا مرکز ہے۔ بھارت اس منصوبے کو ناکام بنانے کیلئے بلوچستان میں بدامنی کو ہوا دے رہا ہے تاکہ پاکستان اور چین کے درمیان اقتصادی شراکت داری متاثر ہو۔ 2016ء میں بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی نے اپنے یوم آزادی کے خطاب میں بلوچستان کا ذکر کیا جو کہ پاکستان کے داخلی معاملات میں کھلی مداخلت تھی۔ یہ بیان عالمی سطح پر بھارت کے عزائم کو بے نقاب کرتا ہے اور ظاہر کرتا ہے کہ وہ بلوچستان کے مسئلے کو سیاسی فائدے کیلئے استعمال کرنا چاہتا ہے۔ بلوچ علیحدگی پسند تنظیمیں، جیسے بلوچ لبریشن آرمی، بھارتی خفیہ ایجنسیوں سے مدد حاصل کر رہی ہیں۔ مختلف رپورٹس کے مطابق، بلوچ رہنماؤں کو بھارت میں پناہ دی گئی اور انہیں سفارتی اور طبی سہولیات فراہم کی گئیں۔ ان سرگرمیوں کا مقصد پاکستان کو داخلی طور پر کمزور کرنا اور اس کی سلامتی کو خطرے میں ڈالنا ہے۔ اس کے علاوہ، بھارت بین الاقوامی سطح پر بلوچ علیحدگی پسندوں کی حمایت کے لیے مختلف پلیٹ فارمز استعمال کر رہا ہے۔ پاکستان نے بھارت کی ان سرگرمیوں کا مقابلہ کرنے کے لیے مختلف اقدامات کیے ہیں۔ حکومت نے اقوام متحدہ اور دیگر بین الاقوامی فورمز پر بھارت کی بلوچستان میں مداخلت کے ثبوت پیش کیے۔ اس کے علاوہ، پاکستان نے صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کا آغاز کیا ہے تاکہ عوام کے مسائل حل کیے جا سکیں اور انہیں علیحدگی پسند تحریکوں سے دور رکھا جا سکے۔ سی پیک منصوبے کے تحت بلوچستان میں انفراسٹرکچر کی بہتری، تعلیم اور صحت کے شعبے میں ترقیاتی کام کیے جا رہے ہیں، لیکن ان منصوبوں کو بھارتی مداخلت کی وجہ سے چیلنجز کا سامنا ہے۔ بھارت کی بلوچستان میں مداخلت نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کے لیے خطرناک ہے۔ اس سے پاک بھارت تعلقات مزید کشیدہ ہو رہے ہیں اور خطے میں امن و استحکام کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ عالمی برادری کو بھارت کی ان سرگرمیوں کا نوٹس لینا چاہیے اور پاکستان کو اس مسئلے سے نمٹنے میں مدد فراہم کرنی چاہیے۔ پاکستان کو بھی اپنی داخلی پالیسیاں مضبوط بنانی ہوں گی اور بلوچستان کے عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہوگا تاکہ وہ علیحدگی پسند تحریکوں سے دور رہیں۔ بھارت کی بلوچستان میں مداخلت ایک سنگین مسئلہ ہے جو نہ صرف پاکستان کے لیے بلکہ پورے خطے کے امن کیلئے خطرہ ہے۔ اس مسئلے کو حل کرنے کیلئے ضروری ہے کہ پاکستان داخلی طور پر مستحکم ہو اور عالمی برادری بھارت کی سرگرمیوں کو روکنے کیلئے مؤثر اقدامات کرے۔ بلوچستان کے عوام کے مسائل حل کیے بغیر اس شورش کو ختم کرنا ممکن نہیں ہوگا۔ پاکستان نے اپنی داخلی سلامتی کو مضبوط بنانے کیلئے کئی اقدامات کیے ہیں، جن میں بلوچستان میں ترقیاتی منصوبے، عوام کی فلاح و بہبود کیلئے پالیسیاں اور بین الاقوامی سطح پر بھارت کی مداخلت کیخلاف آواز اٹھانا شامل ہیں۔ تاہم بھارت کی مسلسل مداخلت اور عالمی برادری کی خاموشی اس مسئلے کو مزید پیچیدہ بنا رہی ہے۔ ضروری ہے کہ عالمی برادری بھارت کی مداخلت کو سنجیدگی سے لے اور خطے میں استحکام کیلئے پاکستان کیساتھ مل کر کام کرے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 28 JAN 2025 Page No.



حب: صوبائی وزیر زراعت میر علی حسن زہری ضلع میں جاری ترقیاتی منصوبوں سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں